Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 13 ہفتہ 28 جنوری 2023ء، 05 رجب المرجب 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 255

پاکستان ہمیشہ قائم رہنے کیلئے بنا ہے، انہوں نے کہا کہ 5 سال پہلے پاکستان کی معیشت کیا تھی اور اب کیا ہے، وفاقی وزیر خزانہ

ملکی معیشت کے ساتھ جو کیا گیا اس کا احتساب ہونا چاہیے وزیر خزانہ

ہماری پوری ٹیم دن رات کام کر رہی ہے، میرا ایمان ہے پاکستان ترقی کرے گا، ہم اگلے جنرل الیکشن میں جانے سے پہلے بہتری لائیں گے

وزیراعظم شہباز شریف کو بے پناہ چیلنجز ملے ہیں مگر وہ بہادر ہیں اور لڑ رہے ہیں۔ آج پاکستان ڈان اور پانامہ ڈرامے کو بھگت رہا ہے، وزیرخزانہ

اسلام آباد(خصوصی نامہ نگار) وزیرخزانہ اسحاق ڈار کا کہنا ہے کہ ملک کو تباہ کرنے والوں کا احتساب ہونا ضروری ہے۔ ملکی معیشت سے متعلق تحقیقات ہونی چاہییں۔ میرا ایمان ہے کے پاکستان ترقی کرے گا، پاکستان کی ترقی اور خوشحالی اللہ کے ذمے ہے، پاکستان ہمیشہ قائم رہنے کیلئے بنا ہے، انہوں نے کہا کہ 5 سال پہلے پاکستان کی معیشت کیا تھی اور اب کیا ہے۔ یہی وہ ملک تھا جس کے بارے میں 2013 میں کہا گیا تھا کہ یہ مالی طور پر مستحکم نہیں۔ اس وقت بھی کہا گیا تھا کہ جو بھی حکومت آئے گی وہ ڈیفالٹ کا اعلان کرے گی۔ قوم کی بدقسمتی ہے کہ آج ہم پانچ سال بعد کہاں کھڑے ہیں، ملکی معیشت کے ساتھ جو کیا گیا اس کا احتساب ہونا چاہیے، تحقیقات ہونی چاہیے۔ وزیرخزانہ اسحاق ڈار نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کو بے پناہ چیلنجز ملے ہیں مگر وہ بہادر ہیں اور لڑ رہے ہیں۔ آج پاکستان ڈان اور پانامہ ڈرامے کو بھگت رہا ہے۔ ہماری پوری ٹیم دن رات کام کر رہی ہے۔ ہم اگلے جنرل الیکشن میں جانے سے پہلے بہتری لائیں گے۔ ہم معاشی دلدل سے نکلیں گے، پاکستان ترقی کرے گا۔ دوسری جانب وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلی کے انتخابات الیکشن کمیشن نے کرانے ہیں اور کوئی قانون و آئینی پیچیدگی نہ ہوئی تو مقررہ مدت میں دونوں صوبوں کے انتخابات ہوجائیں گے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ انتخابات سے مقبولیت کا (بقیہ نمبر 1)

عارف علوی صدر کے عہدے کا جواز کھو بیٹھے ہیں نیئر بخاری

عارف علوی عمران خان کے حکم کے غلام کا کردار ادا کرتے آرہے ہیں۔ پی پی رہنما نیئر بخاری کا بیان

اسلام آباد(جنرل رپورٹر) سیکریٹری جنرل پاکستان پیپلزپارٹی نیئر بخاری کا کہنا ہے کہ عارف علوی صدر کے عہدے کا جواز کھو بیٹھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عارف علوی ریاست کے سربراہ ہیں لیکن حاضریاں زمان پارک میں دیتے ہیں۔ عارف علوی(بقیہ نمبر 4)

قومی اسمبلی کے 33 حلقوں میں ضمنی انتخابات کا شیڈول جاری

ضمنی الیکشن 16 مارچ کو ہوں گے، امیدوار کاغذات نامزدگی 6 سے 8 فروری تک جمع کراسکیں گے، الیکشن کمیشن

اسلام آباد(خبرنگار) قومی اسمبلی کے 33 حلقوں میں ضمنی انتخابات کا شیڈول جاری کردیا گیا، ضمنی الیکشن 16 مارچ کو ہوں گے۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن نے قومی اسمبلی کی 33 نشستوں پر ضمنی انتخابات کے شیڈول کا اعلان کردیا ہے، قومی اسمبلی کے 33 حلقوں میں (بقیہ نمبر3)

پنجاب کی نگران کابینہ کے 8 وزرا کو قلمدان سونپ دیئے گئے

نگران صوبائی حکومت نے وزرا کو قلمدان سونپے جانے کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا

لاہور(یواین پی) پنجاب کی نگران کابینہ کے 8 وزراء کو قلمدان سونپ دیئے گئے۔ نگران صوبائی حکومت نے وزرا کو قلمدان سونپے جانے کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا جس کے مطابق بلال افضل کو کمیونیکیشن اینڈ ورکس اور ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کا قلمدان دیا گیا ہے۔(بقیہ نمبر2)

ملکی ترقی کا مطلب ہے نوجوانوں کو نوکریاں ملیں، عوام کو صحت اور تعلیم کی سہولیات میسر ہوں، اسکے علاوہ جتنی بھی آوازیں ہیں وہ بے مقصد ہیں

IMF سے اسی ماہ معاہدہ ہوجائے گا

مشکلات سے جلد نکلیں گے وزیراعظم

پاکستان اس نہج پر کھڑا ہے جہاں ایک ایک پائی بچانے کی کوشش کر رہے ہیں، اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کیلئے امانت اور دیانت کو اپنانا ہوگا، شہباز شریف

حکومت آتی جاتی رہتی ہیں، پاکستان وہاں کھڑا ہے جہاں ایک ایک پائی بچانے کی کوشش کر رہے ہیں، وزیراعظم شہباز شریف تقریب سے خطاب

ایک فہرست بنائی ہے کہ امپورٹ میں کون کون سے چیزوں کو فوقیت حاصل ہونی چاہیے۔ ملک میں ایک آفت آئی اور ہم مشکلات کا شکار ہوگئے، مشکلات قوموں کی زندگی میں آتی ہیں

اسلام آباد (خصوصی خبرنگار) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف سے اسی ماہ معاہدہ ہو جائے گا اور مشکلات سے جلد نکلیں گے، ہمیں بہت مشکل حالات میں حکومت ملی تھی۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے گرین لائن ایکسپریس ٹرین سروس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت آتی جاتی رہتی ہیں، پاکستان وہاں کھڑا ہے جہاں ایک ایک پائی بچانے کی کوشش کر رہے ہیں، ایک فہرست بنائی ہے کہ امپورٹ میں کون کون سے چیزوں کو فوقیت حاصل ہونی (بقیہ نمبر 5)

سپریم کورٹ کے وکیل کے منہ پر کپڑا ڈالنا کہاں کا انصاف ہے؟ بابر اعوان

فواد چوہدری کو اغوا کرنے والوں کیخلاف مقدمہ درج کرائیں گے، الیکشن کمیشن کی تحلیل کا ریفرنس بن سکتا ہے

کلبھوشن یادیو کے منہ پر کپڑا ڈالا، ہتھکڑی لگانے کی ہمت کی؟ کلبھوشن یادیو سے کبھی پوچھا تمہارے پیچھے مودی ہے؟

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) معروف قانون دان اور پی ٹی آئی رہنما ڈاکٹر بابر اعوان نے کہا ہے کہ فواد چوہدری کو اغوا کرنے والوں کیخلاف مقدمہ درج کرائیں گے، الیکشن کمیشن کی تحلیل کا ریفرنس بن سکتا ہے، حکومت کا کام الیکشن کمیشن کر رہا ہے۔ تحریک انصاف کے رہنما ڈاکٹر بابر اعوان (بقیہ نمبر 12)

لاہور: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی اجلاس کی صدات کر رہے ہیں

سندھ ہائیکورٹ، بابر غوری کی حفاظتی ضمانت منظور

عدالتِ عالیہ نے 10 دن کے لئے بابر غوری کی حفاظتی ضمانت منظور کی ہے

کراچی (اسپیشل رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ نے حفاظتی ضمانت کی درخواست پر سماعت کرتے ہوئے ایم کیو ایم کے رہنما بابر غوری کی ضمانت منظور کر لی۔ عدالتِ عالیہ نے 10 دن کے (بقیہ نمبر13)

حافظ آباد: ڈاکٹر مصدق ملک خطاب کر رہے ہیں

منشیات فروشی اور دیگر جرائم میں ملوث 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا

قبضے سے مجموعی تین کلوگرام سے زائد چرس، ایک عدد کلاشنکوف اور متعدد کارتوس بھی برآمد

پشاور (کرائم رپورٹر) تھانہ مچنی گیٹ پولیس نے گزشتہ روز کارروائیوں کے دوران منشیات فروشی اور دیگر جرائم میں ملوث 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ مچنی(بقیہ نمبر 14)

وزیر مملکت برائے توانائی مصدق ملک کا حافظ آباد میں گیس ٹرانسمیشن منصوبے کا افتتاح

منصوبے سے 150 دیہاتوں کی 57، 000 سے زائد آبادی مستفید ہوگی، اس منصوبے پر سوئی ناردرن نے 1609 ملین روپے خرچ کیے

وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے داخلہ و قانونی امور عطا اللہ تارڑ، سابق رکن قومی اسمبلی سائرہ افضل تارڑ، میاں شاہد حسین بھٹی بھی موجود تھے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) لاہور وزیر مملکت برائے توانائی)پٹرولیم ڈویژن(سینیٹر ڈاکٹر مصدق ملک نے ضلع حافظ آباد میں گیس ٹرانسمیشن منصوبے کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے داخلہ و قانونی امور عطا اللہ تارڑ، سابق رکن قومی اسمبلی سائرہ افضل تارڑ، میاں شاہد حسین بھٹی اور مینیجنگ ڈائریکٹر سوئی ناردرن علی جے ہمدانی بھی موجود تھے۔ 2، 142 ملین روپے کی لاگت سے مکمل کیے گئے اس منصوبے سے 150 دیہاتوں کی 57، 000 سے زائد آبادی مستفید ہوگی۔ اس منصوبے پر سوئی ناردرن نے 1، 609 ملین روپے خرچ کیے جبکہ باقی ماندہ 533 ملین روپے حکومت پاکستان کی (بقیہ نمبر11)

لاہور: وزیر مملکت برائے توانائی (پٹرولیم ڈویژن) سینیٹر ڈاکٹر مصدق ملک نے ضلع حافظ آباد میں گیس ٹرانسمیشن منصوبے کا افتتاح کیا

عمران خان کو جیل، نااہل یا جان سے ختم کرنیکی منصوبہ بندی کی جارہی ہے، شیخ رشید

لاہور (خبرنگار) سابق وفاقی وزیرداخلہ شیخ رشید نے اپنی متوقع گرفتاری کیخلاف عدالت سے رجوع کرنے کا عندیہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان کو جیل بھیجنے، نااہل کرنے اور جان(بقیہ نمبر 15)

الیکشن کمیشن کیخلاف بیان عدالت نے فواد چوہدری کو 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا

فواد چوہدری کے جسمانی ریمانڈ سے متعلق محفوظ فیصلہ سنادیا، عدالت نے فواد چوہدری کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کردی

فوٹوگرامیٹرک ٹیسٹ لاہور سے کروانا ہے، مزید جسمانی ریمانڈ درکار ہے، مزید تفتیش کے لیے جسمانی ریمانڈ ضروری ہے

اسلام آباد (نامہ نگار) سیشن عدالت نے فواد چوہدری کو 14 روز کے جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سیشن عدالت نے فواد چوہدری کے جسمانی ریمانڈ سے متعلق محفوظ فیصلہ سنا دیا، عدالت نے فواد چوہدری کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کر دی اور عدالت(بقیہ نمبر 16)

ایس پی صدر بلال محمود سلہری کا تھانہ دھمیال کا اچانک دورہ

تھانہ کی عمارت اور صفائی کے نظام سمیت دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا

سروس ڈیلیوری کی بہتری کے لیے تھانوں کی سرپرائز چیکنگ کا سلسلہ جاری رہے گا

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) ایس پی صدر بلال محمود سلہری کا تھانہ دھمیال کا اچانک دورہ، تھانہ کے فرنٹ ڈیسک ریکارڈ، حوالات، تھانہ کی عمارت اور صفائی کے نظام سمیت دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا، ایس پی صدر نے افسران واہلکاروں سے ملاقات کی اور مسائل بھی دریافت کیے، شہریوں کے مسائل کا(بقیہ نمبر17)

فواد چوہدری کا سامان پولیس کی تحویل میں، واٹس ایپ استعمال ہوتا رہا

جب بارہ بندے فواد چوہدری کو اٹھانے آئے تو ان کا موبائل فون چھین لیا گیا تھا

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری کی اہلیہ حبا چوہدری نے انکشاف کیا ہے کہ جب فواد چوہدری کو پکڑا گیا تو ان سے موبائل چھین لیا گیا تھا لیکن حیرت انگیز بات یہ ہے کہ وٹس ایپ پر آن لائن شو ہو رہے تھے۔ انہوں نے میڈیا کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے مزید کہا کہ فواد چوہدری کو معلوم ہی نہیں تھا کہ انہیں کس مقدمے میں پکڑا جا رہا ہے یا کس جرم میں اٹھایا گیا ہے۔ جب فواد چوہدری عدالت آئے تو انہوں نے سوال کیا کہ مجھے سب سے پہلے تو یہ بتایا جائے کہ مجھے (بقیہ نمبر 30)

لاہور: سابق وزیراعظم عمران خان گفتگو کر رہے ہیں

مریم نواز دبئی پہنچ گئیں، (آج) وطن واپس آئیں گی، کارکن پرتپاک استقبال کریں گے

لاہور(جنرل رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ(ن) کی سینئر نائب صدر اور چیف آرگنائزر مریم نواز لندن سے دبئی پہنچ گئیں، (آج) ہفتے کی سہ پہر 3 بجکر 5 منٹ پر لاہور پہنچیں گی، کارکن(بقیہ نمبر 18)

عمران خان گرفتاری کے خوف سے زمان پارک کے بل میں چھپے ہوئے ہیں، شرجیل میمن

کراچی (نامہ نگار) وزیر اطلاعات سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ شیخ رشید سیاسی بے روزگاری کا شکار ہو چکے، ٹی وی لے کر گھوم رہے ہیں، پی ڈی ایم نے نوکری پر رکھنے سے جواب دے دیا۔ وزیر اطلاعات سندھ شرجیل انعام میمن (بقیہ نمبر 29)

ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد طارق سلام مروت کی زیرصدارت کے پی اسمبلی انتخابات کے حوالہ سے اجلاس

ایبٹ آباد (نیوز رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد طارق سلام مروت کی زیرصدارت جمعہ کو خیبر پختونخوا اسمبلی انتخابات کے حوالہ سے ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں آئندہ خیبر پختونخوا(بقیہ نمبر 31)

سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی

جمعہ کو وفاقی دارالحکومت سمیت ملک بھر میں یوم احتجاج منایا گیا

اسلام آباد(سٹی رپورٹر) سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی کے واقعہ کے بعد جمعہ کو وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سمیت ملک بھر میں یوم احتجاج منایا گیا، علما کرام نے نماز جمعہ کے خطبات میں سویڈن میں قرآن پاک کے بے حرمتی کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ اس سلسلے میں اپنا کردار ادا کرے اور عالمی برادری کو متحرک کرے۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ ایسے واقعات کے مستقبل میں سدباب کیلئے کوئی جامع لائحہ عمل تیار کرے۔ سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی کے واقعہ کے بعد جمعہ کو وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سمیت ملک بھر میں یوم احتجاج منایا گیا، علما کرام نے(بقیہ نمبر 19)

پی ٹی آئی کی سیاسی تربیت کیلئے 3 ماہ کا کورس کرانا چاہیے، غلام علی

وفاق خیبر پختونخوا کو رقم کی مکمل ادائیگی کرے گا لیکن پہلے یہ لوگ اپنے دور کا حساب تو دیں

پشاور(یواین پی) گورنر خیبر پختونخوا غلام علی کا کہنا ہے کہ انتخابات کرانا حکومت کی نہیں الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے، اداروں کی رپورٹس اور سکیورٹی صورتحال پر انتخابات منحصر ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مراسلے کا جواب آئین کے مطابق دیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں معاشی اور صنعتی بحران ہے۔ تمام فیصلے آئین و قانون کے مطابق ہونے کا خواہاں ہوں۔ چاہتا ہوں آزادانہ (بقیہ نمبر 20)

ٹریکٹر ٹرالی اور موٹر سائیکل میں تصادم 2 افراد جاں بحق ہوگئے

موٹر سائیکل سوار کھڑی ٹریکٹر ٹرالی میں ٹکرانے پر موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے

فیصل آباد (خبرنگار) ٹریکٹر ٹرالی اور موٹرسائیکل میں تصادم 2 افراد جاں بحق ہوگئے تفصیلات کے مطابق چک نمبر 258 رب فیصل آباد میں ڈجکوٹ کے علاقہ سمندری روڈ پر دو موٹرسائیکل سوار کھڑی ٹریکٹر ٹرالی میں ٹکرانے پر موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے، جن کی شناخت ریحان اور ارسلان کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے لاشیں قبضہ میں لیکر کاروائی شروع کردی۔ ٹریکٹر ٹرالی اور موٹرسائیکل میں تصادم 2 افراد جاں بحق ہو گئے تفصیلات کے مطابق چک نمبر 258 رب فیصل آباد میں ڈجکوٹ (بقیہ نمبر 27)

"میں کلی کافی آں" فواد چوہدری کی اہلیہ کا پیشی کے موقع پر دبنگ انداز

پرویز الٰہی کا فون آیا ہے، انہوں نے بڑے پن کا مظاہرہ کیا، حبا فواد

جہلم سے آنے والے لوگوں اور میڈیا کا سپورٹ کرنے پر خصوصی شکریہ ادا کرتی ہوں

اسلام آباد(نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری کی گرفتاری کے بعد ان کی اہلیہ حبا فواد پیشی پر ان کے ہمراہ تھیں۔ انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے دبنگ انداز اپناتے ہوئے کہا کہ میں کلی کافی آں۔ سابق وزیر اعلیٰ پرویز الٰہی کی فواد چوہدری سے متعلق گفتگو پر فواد چوہدری کی اہلیہ نے کہا کہ پرویز الٰہی کا فون آیا ہے، انہوں نے بڑے پن کا مظاہرہ کیا۔ مونس الٰہی میرے بالکل بھائیوں کی طرح ہیں۔ انہوں نے میڈیا کا بھی خصوصی شکریہ ادا کیا۔ حبا فواد نے جہلم سے آنے والے (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

156 نشستوں والے کو گھر بھیج کر 84 سیٹوں والے کو وزیراعظم بنا دیا گیا، اسد عمر

لاہور (یواین پی) تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری اسد عمر کا کہنا ہے کہ 156 (بقیہ نمبر7)

لاہور، فیصل آباد اور ملتان ایئرپورٹس پر دھند کا راج

تمام ایئرپورٹ پر دھند کے باعث پروازوں کی آمد و روانگی تاخیر کا شکار ہوئی

اسلام آباد(خبرنگار) لاہور، فیصل آباد اور ملتان ایئرپورٹس کے لیے دھند کے باعث پروازوں کی آمد و روانگی تاخیر کا شکار ہوئی۔ ترجمان سول ایوی ایشن اتھارٹی کی جانب سے جمعہ کو جاری تازہ ترین صورتحال کے مطابق لاہور ائرپورٹ پر ہلکی دھند اور خشک موسمی حالات کے ساتھ حدنگاہ رات گئے (بقیہ نمبر 6)

نگران پنجاب حکومت مولا جٹ دیکھنے یا خود مولا جٹ بننے سے گریز کرے پرویز الٰہی

نادانستہ بیان سے فواد چوہدری اور اہلِ خانہ کے جذبات مجروح ہونے پر افسوس ہے، سابق وزیراعلیٰ

نگران حکومت غیر آئینی اقدامات سے باز رہے، مخالفین پر دہشت گردی کے مقدمات بنانا نواز شریف کا طرہ امتیاز ہے

لاہور (اسپیشل رپورٹر) سابق وزیراعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی کا کہنا ہے کہ نگران پنجاب حکومت خود مولا جٹ دیکھنے یا خود مولا جٹ بننے سے گریز کرے، پی ٹی آئی کی منتخب حکومت آئے گی تو انہیں بھاگنے کا موقع نہیں ملے گا۔ تفصیلات کے مطابق سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی سے راجہ(بقیہ نمبر 8)

فواد چوہدری پی ٹی آئی کا مقبول لیڈر بن گیا، شیخ رشید

سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ ہر روز اس حکومت کو کم عقلی کا دورہ پڑتا ہے

ہر روز حکومت کو کم عقلی کا دورہ پڑتا ہے، لال حویلی ہماری ملکیت ہے اگر نہ ہو تو ہم قومی مجرم ہیں

راولپنڈی(جنرل رپورٹر) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ ہر روز حکومت کو کم عقلی کا دورہ پڑتا ہے، پولیس اور ایف آئی اے سوچ سمجھ کر لال حویلی آئے۔ راولپنڈی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لال حویلی ہماری ملکیت ہے اگر نہ ہو تو ہم قومی مجرم ہیں۔ شیخ رشید نے کہا کہ لال حویلی کا کیس عدالت میں ہے، ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر آصف خان، رانا ثناء اللہ کے اشاروں پر کام کرتا ہے۔ شیخ رشید نے کہا کہ میری اور لال حویلی کی سکیورٹی واپس لے لی گئی، مجھے کچھ ہوا تو رانا ثنا اللہ، شہباز شریف اور آصف زرداری ذمہ دار ہوں گے۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ ہر روز اس حکومت کو کم عقلی کا دورہ پڑتا ہے، عمران خان سے تفصیلی بات چیت کی ہے، آرمی چیف کو کہتا ہوں زرداری نے عمران خان کو قتل کرنے کی سازش کر رکھی ہے۔ شیخ رشید نے دعویٰ کیا کہ میرے پاس ثبوت ہیں آصف زرداری (بقیہ نمبر 9)

چوہدری پرویز الٰہی نے فواد چوہدری کی گرفتاری سے متعلق بیان پر معذرت کرلی

لاہور (نیوز رپورٹر) سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے گرفتاری کے حوالے سے بیان پر فواد چوہدری کے اہلخانہ سے معذرت کرلی اور کہا ہے کہ نادانستہ بیان سے فواد چوہدری اور اہلخانہ کے جدبات مجروح ہوئے جس پر افسوس ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے فواد چوہدری کے بھائی فیصل چوہدری ایڈووکیٹ کو ٹیلی فون کیا، پرویز الٰہی نے گرفتاری کے(بقیہ نمبر10)

پیمرا کا فاٹا انضمام اضلاع میں FM ریڈیو کی لائسنسنگ کا فیصلہ

روزمرہ امور اور ریکوری سے متعلق بریفنگ لی اور پیمرا قوانین پر عملدرآمد کرانے پر زور دیا، چیئرمین پیمرا

پیمرا کے سینئر افسران کی سالانہ کارکردگی کا جائزہ لینے سے متعلق اجلاس پیمرا ہیڈکوارٹرز، اسلام آباد میں منعقد ہوا

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) آج مورخہ 27 جنوری 2023ء کو پیمرا کے سینئر افسران کی سالانہ کارکردگی کا جائزہ لینے سے متعلق اجلاس پیمرا ہیڈکوارٹرز، اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین پیمرا محمد سلیم بیگ نے کی۔ اجلاس میں پیمرا کے سینئر ڈائریکٹر جنرلز(بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد: روزمرہ امور اور ریکوری سے متعلق بریفنگ لی اور پیمرا قوانین پر عملدرآمد کرانے پر زور دیا، چیئرمین پیمرا

طیبہ ہراسگی کیس، اسلام آباد ہائیکورٹ نے پی اے سی کے دائرہ اختیار پر سوال اٹھا دیا

اسلام آباد(خصوصی رپورٹر) اسلام آباد ہائی کورٹ نے طیبہ گل ہراسگی کیس میں پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے دائرہ اختیار پر سوال اٹھا دیا، چیف جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ(بقیہ نمبر 23)

شہباز شریف سمیت دیگر کیخلاف منی لانڈرنگ ریفرنس پر سماعت 17 فروری تک ملتوی

لاہور (نامہ نگار) احتساب عدالت نے وزیراعظم شہباز شریف سمیت دیگر کے خلاف منی لانڈرنگ ریفرنس پر سماعت 17 فروری تک ملتوی کردی۔ گزشتہ روز احتساب عدالت کے جج(بقیہ نمبر 24)

عبدالولی خان یونیورسٹی مردان میں تحقیق میں اخلاقیات پر عالمی کانفرنس کا انعقاد

ویسٹرن یونیورسٹی کینیڈا کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر انوشکا عطااللہ بطور اسپیکر شریک ہوئی

صوابی(آصف یعقوبی سے) عبدالولی خان یونیورسٹی مردان کے ڈیپارٹمنٹ آف سوشیالوجی کے زیرنگرانی تحقیق میں اخلاقی اقدار کے عنوان سے ایک روزہ عالمی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ویسٹرن یونیورسٹی کینیڈا کی اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر انوشکا عطااللہ جان نے اسپیکر کی حیثیت (بقیہ نمبر 25)

پوٹھوہار پریس کلب نے صحافیوں کے حقوق کی پامالی، قتل، انصاف مہیا نہ کیے جانے، خبروں سے روکے جانے پر یوم سیاہ منایا

ہم اپنی تمام صحافتی تنظیموں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں جو صحافیوں کے حقوق کے لیے جنگ لڑ رہے ہیں، صدر پریس کلب احمد نواز کھوکھر

باتوں اور تحریروں میں صحافیوں کے حقوق موجود مگر حقیقت میں پاکستان و دنیا بھر میں موجود صحافی غیر محفوظ و آسان ٹارگٹ ہیں، عامر لطیف بھٹہ

پوٹھوہار پریس کلب نے صحافیوں کے حقوق کی پامالی، یوم کے سیاہ منایا گیا

گوجرخان (قمر شہزاد) پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان نے ملک بھر میں بااثر شخصیات و سرکاری اداروں کی جانب سے صحافیوں کے حقوق پامالی، قتل، انصاف مہیا نہ کیے جانے اور خبروں سے روکے جانے کے حوالے سے یوم سیاہ منایا، احتجاج میں وکلا برادری گوجرخان کے سابق صدر بلال احمد ناصری اور صحافیوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی، چند سالوں میں ہمارے متعدد صحافی بہن بھائی قتل کیے گئے اور آج بھی ان کے قاتلوں کو گرفتار نہ کیا گیا، احمد نواز کھوکھر صدر پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان، صحافتی کاز صحافیوں کو انصاف دلانے کے حوالے سے پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان نیشنل لیول پر کام کر رہی صحافتی (بقیہ نمبر 26)

عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar
راولپنڈی

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

دہشت گردی اور متضاد بیانات

بلوچستان کے ضلع پنجگور کے چکاب سیکٹر میں سرحد پار سے دہشت گردوں کے حملے میں سکیورٹی فورسز کے چار اہلکار شہید ہو گئے ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کی طرف سے جاری کئے گئے بیان کے مطابق دہشت گردوں نے پاک ایران سرحد کے قریب پٹرولنگ کرنے والے سکیورٹی فورسز کے قافلے کو نشانہ بنانے کے لیے ایرانی سرزمین استعمال کی۔ ایران سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنی جانب دہشت گردوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائے۔ واقعے کی مذمت کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ قوم فرض کی ادائیگی میں اپنے شہید سپاہیوں کی قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرتی ہے تاہم پاکستان امید کرتا ہے کہ ایران اپنی سرزمین سرحد پار حملوں کے لیے استعمال نہ ہونے دینے کو یقینی بنائے گا۔ ملک میں دہشت گردی کے واقعات تواتر سے ہو رہے ہیں، کبھی ایران سرحد سے حملے کیے جاتے ہیں تو کبھی افغان بارڈر پر اِس طرح کے واقعات پیش آتے ہیں، ملک کے اندر بھی گزشتہ چند ماہ سے دہشت گردی کی نئی لہر دیکھنے میں آ رہی ہے۔ ماہرین اِس کی بہت سی وجوہات بیان کرتے ہیں تاہم سابق وزیراعظم عمران خان کا بی بی سی اردو کے ساتھ بات چیت میں کہنا تھا کہ شدت پسندی میں تیزی اچانک نہیں آئی بلکہ اِسے کافی وقت لگا ہے جیسے ہی افغانستان میں رجیم چینج ہوئی تو افغانستان میں بیٹھے شدت پسندوں کو افغان حکومت نے پاکستان واپس جانے کا کہا اور جب شدت پسند افغانستان سے پاکستان واپس آئے تو ان کی بحالی پر کام کیا گیا اور نہ ہی ان پر کوئی توجہ دی گئی، ان پر کوئی پیسہ خرچ نہیں کیا گیا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ان کے دورِ حکومت میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ ان کی بحالی کے لیے کام کیا جائے گا، ان پر توجہ دی جائے گی وگرنہ پھر سے جگہ جگہ دہشت گردی شروع ہو جائے گی اور وہ اب شروع ہو چکی ہے کیونکہ ان کے ساتھ کیے گئے وعدے پورے نہیں کیے گئے۔ عمران خان نے مزید بتایا کہ جب یہ دوسری (طالبان کی) حکومت آئی تو اس نے شدت پسندوں سے کہا وہ واپس پاکستان جائیں، اب جب انہوں نے واپس آنا تھا تو پاکستان کے پاس دو راستے تھے، ایک یہ کہ ان 40 ہزار لوگوں یا جنگجوں اور ان کے خاندانوں کو کھڑا کر کے گولی مار دیتے یا پھر دوسرا راستہ یہ تھا کہ ان کی بحالی کے لیے کام کیا جاتا جس پر ساری سیاسی جماعتیں متفق تھیں لیکن ایسا نہیں کیا گیا۔

غداری۔۔۔اور معافی تلافی؟

بات لیفٹیننٹ جنرل (ر) جاوید اقبال ملک کی گرفتاری، عمر قید اور رہائی سے شروع ہو کر اٹک سازش کیس تک پہنچی تھی، جرم کتنا سنگین ہو سکتا ہے جس میں ایک جرنیل کو 14 سال کی قید سنا دی

فضل حسین اعوان

جاتی ہے، جس پر عمل بھی شروع ہو جاتا ہے جب سزا کی توثیق کرنے والی قیادت پہلی اپیل پر آدھی سزا معاف کر دیتی ہے تو جرم کی سنگینی کی شدت میں پہلے جیسا تا بھی مفقود ہونے لگتا ہے اور جب اسی نوکِ قلم سے سزا صرف چھ ماہ تک محدود کر دی جاتی ہے تو پھر کئی سوالات کا ذہن میں آنا فطری امر ہے۔ دشمن ملک کو قومی راز فراہم کرنے کی دفعات لگائی گئی تھیں۔ ظاہر ہے فوجی عدالت میں جرم ثابت ہوا تو سزا ہوئی۔ جنرل کی تمام مراعات ضبط کر لی گئیں۔ حق دیا گیا تو پورے خاندان سمیت ذلت و رسوائی سے زندہ رہنے کا۔ کسی بھی بڑے فوجی افسر سے کیسے توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ مادرِ وطن کا سودا کر دے۔ اگر وہ ایسا کرے تو اس کے لیے عمر قید کی سزا بھی کم ہے۔ فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کے نام سے بنائی گئی عدالت کے سامنے ثبوت ملٹری انٹیلی جنس نے رکھے تھے جو براہِ راست آرمی چیف کو جوابدہ ہے۔ ان دنوں میجر جنرل سرفراز علی ڈی جی، ایم آئی تھے جو 2022 میں اس وقت ہیلی کاپٹر کریش میں شہید ہو گئے جب کور کمانڈر کوئٹہ تھے۔ سزا سننے کے بعد جنرل جاوید اقبال نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواست دائر کی۔ ان کے وکیل عمر آدم تھے یہ سابق میجر فاروق آدم کے بیٹے ہیں۔ میجر فاروق آدم اور ان کے دوسرے میجر بھائی کو بھی اٹک سازش کیس میں سزا ہوئی۔ یہ سزا میجر جنرل ضیاالحق نے 1973 میں سنائی تھی۔ جب جنرل ضیاالحق نے ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت الٹا کر اقتدار سنبھالا تو 1978 میں سب افسروں کو رہا کر دیا گیا۔ مشرف دور میں فاروق آدم پاکستان کے پراسیکیوٹر جنرل تعینات کئے گئے۔ ایسا کوئی پہلی بار نہیں ہوا۔ راولپنڈی سازش کیس میں میجر جنرل اکبر خان کو 12 سال قید کی سخت سزا ہوئی تھی۔ وہ بھٹو دور میں چیف آف نیشنل سکیورٹی بنا دیئے گئے۔ بریگیڈیئر نیاز کو لاہور میں 1977 میں مظاہرین پر گولی چلانے سے انکار پر فوج سے نکالا گیا جو بعد ازاں پاک فوج میں کنٹریکٹر کے طور پر کام کرتے رہے۔ یہ جنرل مشرف کے اتنے قریب تھے کہ میاں نواز شریف اور مشرف کے مابین کچھ معاملات بھی طے کرائے۔ عمر آدم نے جنرل جاوید اقبال کا کیس بڑی جانفشانی سے پلیڈ کیا اسی دوران جاوید اقبال رہا کر دیئے گئے۔ عمر آدم اپنے انٹرویوز میں اس حوالے سے بات کرتے رہتے ہیں۔ ان کے مطابق جنرل جاوید اقبال کا کہنا ہے کہ وہ جاسوسی کے الزام کے ساتھ زندہ نہیں رہنا چاہتے۔ ان کو رہا تو کر دیا گیا۔ سزا ختم ہو گئی مگر جرم اپنی جگہ موجود ہے۔

کیا جرمنی کا یوکرین کو اسلحے کی فراہمی ایک دانشمندانہ فیصلہ ہے؟؟

جرمنی نے یوکرین کو اپنے مشہور و معروف ٹینک پینتھر 2 دینے کا ایک تاریخی فیصلہ کیا ہے۔ کیا جرمنی اپنے اسلحے کو بیچ کر امن خریدنا چاہتا ہے؟ کیا یہ ممکن ہے کہ ایک طرف اسلحہ مدد کے نام پر بیچا جائے اور دوسری طرف امن کی خواہش اور اس کا چرچا کیا جائے؟؟ ایس پی ڈی پارٹی کے سربراہ اور اس وقت کے جرمنی کے چانسلر اوولف شولس نے یوکرین اور روس کی جنگ میں یوکرین کی مدد کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے جرمنی کے مشہور و معروف ٹینک پنتھر 2 کو یوکرین کو دینے کا فیصلہ کیا ہے جسے یوکرین کے صدر ایک بہترین فیصلے سے تعبیر کر رہے ہیں۔ لیکن دوسری طرف جرمن عوام میں ایک بے چینی پائی جا رہی ہے کہ کیا جرمن حکومت کا یہ فیصلہ درست ہے؟ کیا یہ فیصلہ دانشمندانہ ہے؟



پردیسی کے قلم سے

انور ظہیر رہبر، برلن جرمنی
rahber@gmx.de

ایک طرف اوولف شولس ٹینک فروخت کر رہے ہیں تو دوسری طرف یہ کہہ رہے ہیں کہ جرمنی براہ راست جنگ کا حصہ نہیں بنے گا۔ کیا ٹینک بھیج کر جرمنی جنگ کا حصہ نہیں بن جائے گا؟

سوال در سوال ہیں جس سے جرمن عوام پریشان نظر آ رہے ہیں۔ برلن کی ایک مشہور خاتون وکیل کا کہنا ہے کہ کیا ضروری ہے کہ جرمنی ہر کسی کے معاملے میں اپنی ٹانگ اڑائے؟ کئی مہینوں سے جرمنی یوکرین کو اسلحہ فراہم کر رہا ہے جو آج کل روس کی جنگ سے شدید حملے کی زد میں ہے۔ شروع میں لوگوں نے اس طرف توجہ کم رکھی کہ کون سا سامان برآمد کیا جا رہا ہے لیکن حال ہی میں جرمنی کے چانسلر کے دفتر نے ہتھیاروں کی ترسیل کی ایک فہرست جاری کی ہے - یہاں یہ سوال ہر کسی کے ذہن میں ابھر رہا ہے کہ آخر یوکرین کے لیے یہ جرمن ہتھیار کہاں سے آ رہے ہیں؟

ماہرین کا خیال ہے کہ یوکرین جرمن ہتھیار ان طریقوں سے حاصل کر سکتا ہے۔

- جرمن فوج کے اسٹاک سے
- یوکرین کا جرمن اسلحہ بنانے والی فرم کو براہ راست آرڈر دینا
- جرمن حکومت کا یورپی امن مشن کے مشترکہ اکاؤنٹ میں رقم ڈالنا
- یورپی یونین کے اس مشترکہ اکاؤنٹ سے ان ہتھیاروں کی قیمت کی ادائیگی کرنا۔

ان مثالوں سے یہ بات سمجھی جا سکتی ہے کہ یہ امداد ہے یا تجارت؟؟

بہرحال جو بھی طریقہ اپنایا جائے اسلحہ کی ترسیل کے ذریعے امن ایک خواب ہی ہو سکتا ہے۔ جرمنی ہی کے چانسلر ولی برانڈ نے کہا تھا کہ

امن ہی سب کچھ نہیں ہے، لیکن امن کے بغیر کچھ بھی نہیں ہو سکتا۔

تشدد کوئی حل نہیں ہے، اور جنگ کو کسی سیاسی آلہ کے طور پر استعمال نہیں کرنا چاہیے۔

امن ہر فرد کے لیے، ایک آزاد معاشرے کے لیے اور ماحولیاتی تحفظ جیسی اقدام کے بارے میں جمہوری بحث کے لیے بغیر کسی خوف کے خوشگوار زندگی کی بنیاد ہے۔ اسی لیے گرین پیس اس بات کی مخالف ہے کہ کسی ملک کو اسلحہ کی ترسیل کی جائے اور پھر امن کا بھاشن بھی دیا جائے۔

لیکن جرمنی میں ہی ایک دوسرے گروپ کا خیال کچھ مختلف بھی ہے۔

اس وقت جرمنی میں امن پسندی بہت ہی مشکل وقت سے گزر رہی ہے۔ ماہرین اسے دوسری عالمی جنگ کے بعد اس وقت کو سب سے زیادہ مشکل قرار دے رہے ہیں۔ اس گروپ کا خیال ہے کہ جو لوگ سیاسی طور پر پختہ ذہن رکھتے ہیں وہ روسی جارحیت کے خلاف جنگ کے لیے یوکرین کو ٹینکوں، بندوقوں اور رائفلوں کی فراہمی پر سوال اٹھانے کی غلطی نہیں کر سکتے ہیں۔ کیونکہ جو ایسا کر رہا ہے شاید وہ روس کے صدر پوٹن کو نہیں جانتا ہے اور نہ ہی اسے سمجھتا ہے، یہاں یکجہتی کا فقدان ہے کیونکہ پوٹن ایک غیر دنیاوی خواب دیکھنے والے شخص ہیں۔

لیکن دوسری طرف سیاست کو ہمیشہ انتباہ، ہچکچاہٹ اور محفوظ آوازوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ خاص طور پر جب اکثریت یہ سمجھتی ہے کہ وہ سب کچھ جانتے ہیں کہ کیا کرنے کی ضرورت ہے، کس کی حمایت کی ضرورت ہے، جنگ کے کس فریق کو مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔ لیکن کوئی بھی جمہوری رائے سازی اس طرح کام نہیں کرتی کہ اکثریت اقلیت کو خاموش کر دے۔ جمہوریت میں صحیح راستہ تلاش کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اقلیتوں کی رائے کو واضح طور پر سنا جائے اور انہیں آواز اٹھانے کا موقع دیا جانا چاہیے۔ ساتھ ہی ساتھ یہ دیکھنا سب سے زیادہ اہم ہوتا ہے کہ ان اقدام کے مستقبل میں کیا اثرات ہوں گے۔ کہیں اسلحے کی ترسیل یورپ کو پھر کسی عالمی جنگ میں تو نہیں دھکیلنا ہے؟؟

آخر یہ ہنگامہ - کیوں برپا ہے؟

ملک میں جو کچھ بھی ہو رہا ہے اس سے صرف نظر ممکن نہیں اب تو یقین ہو گیا کہ ہم جیسے حضرات جو ملکی اور قومی مفاہمت کے قائل ہیں وہ یا تو اپنی تحریر کا اثر کھو چکے اور یا پھر یہی تصور کر لیں کہ ہم سب ہی درست راہ پر نہیں ہیں۔ کسی بھی حوالے سے کوئی امر بھی درست سمت نہیں جا رہا۔ بیلوں کی لڑائی میں گھاس اجڑتی جا رہی ہے۔ محاذ آرائی کم ہونے کی بجائے بڑھ گئی ہے اور اب تو سیاسی کشمکش میں بھی جنگ کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں اور جدوجہد کو جہاد

چودھری خادم حسین

قرار دیا جا رہا ہے دوسری طرف یہ بھی حقیقت ہے کہ مہنگائی کا جن جو بوتل سے باہر آیا نہ صرف وہ واپس جانے کو تیار نہیں بلکہ اب تو اس بوتل کے جن کا سردار آنے والا ہے۔ منی بجٹ کے جو اثرات مرتب ہوں گے وہ شاید برداشت نہ ہو سکیں کہ بجلی اور گیس کے ساتھ پٹرولیم کے نرخ بڑھیں گے تو اس کے اثرات براہ راست اشیا خوردنی و ضرورت پر پڑیں گے پہلے ہی حالات ایسے ہو چکے کہ دو وقت پیٹ بھر کر کھانا نہیں کھایا جا سکتا۔ یہ بھیانک حقیقت ہے اس کے حوالے سے وہی جانتے ہیں جو روزانہ سامنا کرتے ہیں ان احباب کو ذرہ برابر اثر نہیں جن کے پالتو جانور بھی دودھ، مکھن کھاتے ہیں سنا ہے کہ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور ریٹائرڈ بابوؤں کی پنشن میں بھی کمی کی جا رہی ہے حالانکہ مہنگائی کا تقاضہ تو یہ ہے کہ ان حضرات کو مزید اضافہ دیا جائے کہ گرانی نے سفید پوشوں کے بھرم بھی کھول دیئے ہیں۔ یہ حقائق ہیں اور ان کے اثرات بھی مرتب ہوں گے بہرحال مجھے تو آج اس شور شرابے اور ہنگامے کی بات کرنا ہے جو اس پیرانہ سالی میں میرا ابھی پہلا اور تلخ تجربہ ہے کہ حالات سے تمام ادارے متاثر ہوئے ہیں۔ حتیٰ کہ ایسے منصب دار جن کے منصب کا تقاضہ نہ صرف تحمل اور برداشت ہے اور ان سے ترازو کے پلڑوں کو برابر رکھنے کی توقع کی جاتی ہے وہ بھی حالات سے متاثر ہو کر ہائپر ہو رہے ہیں۔ ابھی کل ہی کی بات ہے کہ لاہور ہائی کورٹ میں ایسے حالات نظر آئے جو میری صحافیانہ زندگی کے 58 سالوں میں کبھی نہیں تھے۔ فواد حسین چودھری سے میرے اور میرے دوسرے دوستوں کے مراسم ڈھکے چھپے نہیں اور نہ ہی میں اس بات کا قائل ہوں کہ مشکل کے وقت آپ اس سے انکار کریں فواد سے اس وقت کی واقفیت ہے جب وہ طالب علم تھے اور اپنے انکل چودھری الطاف حسین کے زیر سایہ تربیت حاصل کر رہے تھے۔ گورنر ہاؤس میں صحافیوں کی آمد و رفت کے باعث فواد کو ابتدا ہی سے ان حضرات سے واسطہ رہا اور ان کے تعلقات بھی بنے حالات جو بھی ہوں اگر میں فواد چودھری کے کسی رویئے سے شاکی ہوں تو اس پر بھی افسوس اور دکھ کا اظہار کرتا ہوں کہ ان کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا گیا۔ بادی النظر میں صاف پتہ چلتا ہے کہ ان کو جس مقدمہ میں گرفتار کیا گیا وہ کوئی اچھا کیس نہیں اور اس کے بعد ان کو ہتھکڑی لگانا بھی کسی طور مناسب نہیں تھا وہ خود وکیل بلکہ سپریم کورٹ میں رجسٹرڈ ہیں اور پھر سابق وفاقی وزیر ہیں جو قانون ہمیں ورثے میں ملے ان کے مطابق تو گریجوایٹ کو یہ حق ملتا ہے کہ گرفتاری کے بعد جیل میں بھی اسے بی کلاس دی جائے۔ فواد تو ڈبل گریجوایٹ اور خود وکیل ہیں ان کے ساتھ یہ رویہ غیر ضروری تھا ان کو حراست میں لیا گیا تو وہ بھاگ نہیں جاتے ہتھکڑی کا تو اصول ہی یہ ہے کہ ایسے ملزم کو لگائی جائے جس کے فرار کا اندیشہ ہو میں اس مقدمہ اور اس گرفتاری کی حمایت نہیں کر سکتا اور نہ ہی میں اس امر کا قائل ہوں کہ سیاست میں دشمنی کی حد تک جایا جائے اور نہ ہی میں فواد چودھری کے اس عمل سے متفق ہوں جو وہ تہذیب کے دائرہ سے باہر نکل کر کر جاتے ہیں شاید یہ اثرات ان کے اس راہنما کے ہیں جنہوں نے کلچر ہی تبدیل کر دیا ہوا ہے میں تو فواد چودھری سے اس رویئے کی توقع کرتا ہوں جو ان کا اس دور میں تھا جب وہ زیر تعلیم اور نوجوان تھے۔ میری تو خواہش ہے کہ وہ اپنی تنک مزاجی کو سنجیدگی کا جامہ پہنا لیں کہ اب ماشااللہ پختہ عمر والے ہیں۔ ان سطور میں کئی بار عرض کر چکا ہوں کہ ہم رپورٹروں کا عدالتی رپورٹنگ کا دور بہت ہی بہتر تھا جب تو مرحوم ایم ڈی طاہر کی مسلسل درخواستوں کے باوصف ان پر رنج یا غصہ نہیں کیا جاتا تھا ماسوا ایک بار کے جب ان کے سلسلے کو روکنے کی ہدایت کی گئی تھی لیکن ایسا احساس ہوتا ہے کہ قومی تقسیم کے اثرات ہر ادارے پر مرتب ہو چکے ہیں۔ ہمارے ایک دوست گزشتہ روز کہہ رہے تھے کہ فواد چودھری کی گمشدگی کے حوالے سے دائر کی جانے والی درخواست کی سماعت میں احتیاط اور تحمل کے پہلو نظرانداز ہو گئے تھے ایسا نہ ہوتا تو بہتر تھا کہ جب حقائق سامنے آئے تو پھر رٹ خارج ہوئی کہ گرفتاری کا عمل قانون کے دائرہ میں کیا گیا تھا۔ یہ اپنی جگہ لیکن فواد کے ہمدرد ساتھیوں اور جماعت والوں کا ردعمل بھی تجاوز والا تھا یہ درست ہے کہ آرٹیکل 91 فرد کے حقوق کا تحفظ کرتا ہے لیکن یہ بھی تو ہے کہ جہاں آپ کے حقوق کی حد ختم ہوتی ہے وہاں سے دوسرے فرد کے حق کی حد شروع ہو جاتی ہے ضابطہ فوجداری پاکستان پینل کوڈ (تعزیرات پاکستان) میں ایسی دفعات موجود ہیں جو دوسروں کے حقوق کی پامالی سے روکتی اور ایسا کرنے والوں کو فوجداری مقدمات کا ذمہ دار گردانتی ہیں۔ اس لئے سب کا فرض ہے کہ بولنے سے پہلے تولا کریں۔ میں تحریک انصاف کی قیادت اور راہنماں کے حق احتجاج کو نہ صرف تسلیم کرتا بلکہ اس کی تائید بھی کرتا ہوں لیکن جو ردعمل فواد چودھری کی گرفتاری کے حوالے سے سامنے آیا اس کے کئی پہلو تنقید کا باعث ہیں خود فواد چودھری نے دو مختلف باتیں کہیں، انہوں نے یہ بھی کہا کہ نیلسن منڈیلا کے خلاف بھی ایسے ہی الزام لگائے گئے تھے کہ نیلسن منڈیلا کی جدوجہد کو سلام کیا جاتا ہے جبکہ جیمز بانڈ کا کردار تو بالکل ہی مختلف ہے فواد چودھری اور ان کے دوسرے رفقا ان کرداروں پر کسی طور پر پورا نہیں اترتے اس لئے پہلے تولو پھر بولو پر عمل لازم ہے عادت سے مجبور پھر دہراتا ہوں کہ سیاسی لوگ اور سیاسی جماعتیں عوام کی حالت پر رحم فرمائیں اور آپس میں جنگ کی بجائے امن کا سفید پرچم لہرا کر عوامی مسائل حل کرنے کی کوشش کریں۔ کیا محترم سابق وزیر امورِ مملکت سے دریافت کر سکتا ہوں کہ وہ رستم ہیں یا سہراب کہ پولیس کی بڑی گاڑی کے بونٹ پر ہاتھ رکھنے کے بعد اسے روکنے کی کوشش فرما رہے تھے، ویڈیو دیکھنے والوں کے تاثرات اور الفاظ سن لیں تو شاید آئندہ ایسا نہ ہو، جدوجہد آئینی اور قانونی کہتے ہیں تو عمل بھی کریں۔

ملک میں جو کچھ بھی ہو رہا ہے اس سے صرف نظر ممکن نہیں اب تو یقین ہو گیا کہ ہم جیسے حضرات جو ملکی اور قومی مفاہمت کے قائل ہیں وہ یا تو اپنی تحریر کا اثر کھو چکے اور یا پھر یہی تصور کر لیں کہ ہم سب ہی درست راہ پر نہیں ہیں۔ کسی بھی حوالے سے کوئی امر بھی درست سمت نہیں جا رہا۔ بیلوں کی لڑائی میں گھاس اجڑتی جا رہی ہے۔ محاذ آرائی کم ہونے کی بجائے بڑھ گئی ہے اور اب تو سیاسی کشمکش میں بھی جنگ کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں اور جدوجہد کو جہاد قرار دیا جا رہا ہے دوسری طرف یہ بھی حقیقت ہے کہ مہنگائی کا جن جو بوتل سے باہر آیا نہ صرف وہ واپس جانے کو تیار نہیں بلکہ اب تو اس بوتل کے جن کا سردار آنے والا ہے۔ منی بجٹ کے جو اثرات مرتب ہوں گے وہ شاید برداشت نہ ہو سکیں کہ بجلی اور گیس کے ساتھ پٹرولیم کے نرخ بڑھیں گے تو اس کے اثرات براہ راست اشیا خوردنی و ضرورت پر پڑیں گے پہلے ہی حالات ایسے ہو چکے کہ دو وقت پیٹ بھر کر کھانا نہیں کھایا جا سکتا۔ یہ بھیانک حقیقت ہے اس کے حوالے سے وہی جانتے ہیں جو روزانہ سامنا کرتے ہیں ان احباب کو ذرہ برابر اثر نہیں جن کے پالتو جانور بھی دودھ، مکھن کھاتے ہیں سنا ہے کہ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور ریٹائرڈ بابوؤں کی پنشن میں بھی کمی کی جا رہی ہے حالانکہ مہنگائی کا تقاضہ تو یہ ہے کہ ان حضرات کو مزید اضافہ دیا جائے کہ گرانی نے سفید پوشوں کے بھرم بھی کھول دیئے ہیں۔ یہ حقائق ہیں اور ان کے اثرات بھی مرتب ہوں گے بہرحال مجھے تو آج اس شور شرابے اور ہنگامے کی بات کرنا ہے جو اس پیرانہ سالی میں میرا ابھی پہلا اور تلخ تجربہ ہے کہ حالات سے تمام ادارے متاثر ہوئے ہیں۔ حتیٰ کہ ایسے منصب دار جن کے منصب کا تقاضہ نہ صرف تحمل اور برداشت ہے اور ان سے ترازو کے پلڑوں کو برابر رکھنے کی توقع کی جاتی ہے وہ بھی حالات سے متاثر ہو کر ہائپر ہو رہے ہیں۔ ابھی کل ہی کی بات ہے کہ لاہور ہائی کورٹ میں ایسے حالات نظر آئے جو میری صحافیانہ زندگی کے 58 سالوں میں کبھی نہیں تھے۔ فواد حسین چودھری سے میرے اور میرے دوسرے دوستوں کے مراسم ڈھکے چھپے نہیں اور نہ ہی میں اس بات کا قائل ہوں کہ مشکل کے وقت آپ اس سے انکار کریں فواد سے اس وقت کی واقفیت ہے جب وہ طالب علم تھے اور اپنے انکل چودھری الطاف حسین کے زیر سایہ تربیت حاصل کر رہے تھے۔ گورنر ہاؤس میں صحافیوں کی آمد و رفت کے باعث فواد کو ابتدا ہی سے ان حضرات سے واسطہ رہا اور ان کے تعلقات بھی بنے حالات جو بھی ہوں اگر میں فواد چودھری کے کسی رویئے سے شاکی ہوں تو اس پر بھی افسوس اور دکھ کا اظہار کرتا ہوں کہ ان کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا گیا۔ بادی النظر میں صاف پتہ چلتا ہے کہ ان کو جس مقدمہ میں گرفتار کیا گیا وہ کوئی اچھا کیس نہیں اور اس کے بعد ان کو ہتھکڑی لگانا بھی کسی طور مناسب نہیں تھا۔

شوبز SHOWBIZ

سوشل میڈیا پر ذاتی زندگی کی تشہیر پسند نہیں: دانش تیمور

صرف ایسی پوسٹ لگانا پسند کرتا ہوں جن کا میں نے معاوضہ لیا ہو، اداکار

اسلام آباد (شوبز نیوز) اداکارہ دانش تیمور نے کہا کہ انہیں سوشل میڈیا پر اپنی ذاتی زندگی کی تشہیر کرنا پسند نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ لوگ سوشل میڈیا پر کھانے سے لے کر اپنے پہننے کی سٹوری اور تصاویر کیوں لگاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہیں یہ بالکل بھی پسند نہیں ہے کہ وہ اپنی فیملی، بیوی اور ذاتی زندگی کے حوالے سے کوئی بھی پوسٹ شیئر کریں اور نہ ہی انہیں سوشل میڈیا پر اتنا وقت گزارنا پسند ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ صرف ایسی پوسٹ لگانا پسند کرتے ہیں جن کا انہوں نے معاوضہ لیا ہو۔

منا بھائی اور سرکٹ تقریباً 17 سال بعد اکٹھے جلوہ گر ہونے کو تیار

فلم کے نام کا اعلان نہیں کیا تاہم پوسٹر دیکھ مداحوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے

ممبئی (شوبز نیوز) بھارتی فلم انڈسٹری کی معروف جوڑی منا بھائی اور سرکٹ ایک بار پھر اکٹھے جلوہ گر ہونے کو تیار ہیں، دونوں اداکاروں کی نئی فلم کا پوسٹر بھی شیئر کر دیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بالی ووڈ اداکار سنجے دت اور ارشد وارثی تقریباً 17 سال بعد دوبارہ ایک ساتھ نظر آنے کیلئے تیار ہیں، دونوں اداکاروں کی جانب سے سوشل میڈیا پر اپنی نئی فلم کا پوسٹر شیئر کیا گیا ہے۔ فلم کے پوسٹر میں دونوں اداکاروں کو قیدی کے کپڑوں میں جیل میں کھڑے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے، اداکاروں نے فلم کے نام کا اعلان نہیں کیا تاہم پوسٹر دیکھ مداحوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ سنجے دت نے فلم کا پوسٹر شیئر کرتے ہوئے اپنے پیغام میں لکھا کہ ہمارا انتظار آپ سے زیادہ طویل رہا، لیکن بالآخر یہ انتظار ختم ہوا، میں اپنے بھائی ارشد وارثی کے ساتھ ایک بار پھر مزے سے بھرپور فلم لے کر آ رہا ہوں۔

بھارتی اداکار انو کپور کی طبیعت ناساز، ہسپتال داخل

ممبئی (شوبز نیوز) معروف بھارتی اداکار انو کپور کو طبیعت ناساز ہونے پر دہلی کے ہسپتال میں داخل کر لیا گیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق اداکار انو کپور کو گزشتہ روز سینے میں درد کی شکایت ہوئی تھی جس کے بعد انہیں دہلی کے گنگارام ہسپتال کے کارڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ میں داخل کر لیا گیا جہاں اب ان کی طبیعت قدرے بہتر بتائی جا رہی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اداکار کو مکمل صحت یابی کے بعد ہسپتال سے ڈسچارج کر دیا جائے گا۔ دوسری جانب بالی وڈ شخصیات کی جانب سے سوشل میڈیا پر اداکار کی صحت یابی کیلئے دعاں اور نیک تمناں کا اظہار کیا جا رہا ہے۔

سمیع خان، فیضان شیخ اور حاجرہ یامین کی اداکاری کے معترف

دو اداکاروں کا میں ذکر کرنا چاہوں گا جو واقعی اچھا کام کر رہے ہیں

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار سمیع خان نے کہا ہے کہ نظر انداز ہونے والے اداکاروں کا تذکرہ کرنا چاہیے تا کہ انہیں سپورٹ مل سکے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق معروف اداکار سمیع خان نے حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں شرکت کی جہاں انہوں نے میزبان کی جانب سے پوچھے گئے مختلف سوالات کے جوابات دیئے اور انڈسٹری میں موجود اپنے دیگر ساتھیوں بارے اپنے خیالات کا اظہار بھی کیا۔ سمیع خان نے انڈسٹری میں نظرانداز ہونے والے انتہائی محنتی پاکستانی اداکاروں کے بارے میں بات کی جو اداکاری پر اچھی کمان رکھتے ہیں۔

ملک کے نامور نعت گو مظفر وارثی کی 12 ویں آج منائی جائیگی

لاہور (شوبز نیوز) صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی کے حامل ملک کے نامور نعت گو مظفر وارثی کی 12 ویں آج (ہفتہ) کو منائی جائیگی۔ مظفر وارثی کا پورا نام محمد مظفر الدین احمد تھا اور وہ 23 دسمبر 1933ء کو میرٹھ میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے نعت گوئی میں عالمگیر شہرت حاصل کی تاہم انہوں نے غزل، نظم، ہائیکو اور نثر کے میدان میں بھی کارہائے نمایاں سرانجام دیئے۔ مظفر وارثی نے 32 اردو فلموں کے گیت بھی لکھے تاہم 1972ء کے بعد انہوں نے نعت گوئی کی جانب زیادہ توجہ مرکوز کی۔ ان کی لکھی ہوئی حمد کوئی تو ہے جو نظام ہستی چلا رہا ہے۔

میرے پاس خوبصورت چہرہ ہی نہیں بلکہ ٹیلنٹ بھی ہے: سنی لیون

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ اداکارہ سنی لیونی کا کہنا ہے کہ ان کے پاس صرف خوبصورت چہرہ نہیں بلکہ ٹیلنٹ بھی ہے اور اسی کے ساتھ انہوں نے انسٹاگرام پر اپنی فٹبال کھیلتے ہوئے ویڈیو شیئر کی حیرت انگیز طور پر سنی لیون فٹبال کو بڑی مہارت سے اپنے پیروں اور سر پر اچھالتی ہوئی نظر آئیں۔ اس ویڈیو کے کیپشن میں انہوں نے لکھا 'صرف ایک خوبصورت چہرہ نہیں میرے پاس اور بھی صلاحیتیں ہیں۔ بالی ووڈ اداکارہ سنی لیونی کا کہنا ہے کہ ان کے پاس صرف خوبصورت چہرہ نہیں بلکہ ٹیلنٹ بھی ہے اور اسی کے ساتھ انہوں نے انسٹاگرام پر اپنی فٹبال کھیلتے ہوئے ویڈیو شیئر کی حیرت انگیز طور پر سنی لیون فٹبال کو بڑی مہارت سے اپنے پیروں اور سر پر اچھالتی ہوئی۔

ہمارے معاشرے میں عورتوں کو آزادی نہیں دی جاتی: مایا علی

مایا علی نے کہا کہ بھائی کی گرل فرینڈ کو اچھی اور عزت والی سمجھا جاتا ہے

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ مایا علی نے کہا ہے کہ ہمارے معاشرے میں عورتوں کو آزادی نہیں دی جاتی، صرف عورت کو ہی خاندان کی عزت سمجھا جاتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اداکارہ مایا علی اور اداکار بلال اشرف نے حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں شرکت کی جس کے دوران اداکارہ نے عورتوں کے حقوق سمیت کئی موضوعات پر بات کی ہے۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ اگر لڑکا کوئی گرل فرینڈ بنا لے تو ہم بہو سے کہیں گے واہ واہ اس کی پسند ہے لیکن اگر لڑکی کسی لڑکے کو دوست بنا لے یا صرف پسند ہی کر لے تو اسے بھائی ہی پسند نہیں کرتے۔ مایا علی نے کہا کہ بھائی کی گرل فرینڈ کو اچھی اور عزت والی سمجھا جاتا ہے جبکہ لڑکی اگر کسی کو پسند کر لے تو بات گھر کی عزت اور غیرت پر آ جاتی ہے۔

سپورٹس SPORTS

اسلام آباد یونائیٹڈ کی اعظم خان سے چھیڑ چھاڑ

بھائی برائے مہربانی اتنے بڑے پیٹ پر اتنی بڑی لات نہ ماریں، اعظم خان

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان سپر لیگ کی ٹیم اسلام آباد یونائیٹڈ نے وکٹ کیپر بیٹر اعظم خان سے چھیڑ چھاڑ کی تو جواب میں انہوں نے اپنی ٹیم سے دلچسپ انداز میں نوکری سے نہ نکالنے کی اپیل کر دی۔ اسلام آباد یونائیٹڈ نے کپتان شاداب خان سے متعلق سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر لکھا کہ وہ بیٹنگ اور بولنگ کر سکتے ہیں اور وہ بھرپور فیلڈر بھی ہیں۔ اسلام آباد یونائیٹڈ نے اعظم خان کو ٹیگ کرتے ہوئے مزید لکھا کہ اب شاداب خان وکٹ کیپنگ کے لیے بھی مضبوط امیدوار ہیں۔ بعدازاں اسلام آباد یونائیٹڈ کی اس ٹویٹ پر اعظم خان نے شاداب خان اور اپنی ٹیم کو ٹیگ کرتے ہوئے اپنا ردعمل دیا۔ اعظم خان نے لکھا کہ بھائی برائے مہربانی اتنے بڑے پیٹ پر اتنی بڑی لات نہ ماریں۔ سوشل میڈیا پر اس دلچسپ گفتگو کو مداحوں نے بھی نوٹس کیا اور اس پر دلچسپ تبصرے کیے۔ یاد رہے کہ شاداب خان پی ایس ایل کی ٹیم اسلام آباد یونائیٹڈ کے کپتان ہیں جبکہ اعظم خان ٹیم میں بطور وکٹ کیپر بیٹر کی حیثیت سے کھیلتے ہیں۔ بعدازاں اسلام آباد یونائیٹڈ کی اس ٹویٹ پر اعظم خان نے شاداب خان اور اپنی ٹیم کو ٹیگ کرتے ہوئے اپنا ردعمل دیا۔ اعظم خان نے لکھا کہ بھائی برائے مہربانی اتنے بڑے پیٹ پر اتنی بڑی لات نہ ماریں۔ سوشل میڈیا پر اس دلچسپ گفتگو کو مداحوں نے بھی نوٹس کیا اور اس پر دلچسپ تبصرے کیے۔ یاد رہے۔

ثانیہ مرزا نے ٹینس کورٹ کو ہمیشہ کیلئے خیرباد کہہ دیا، ویڈیو وائرل

شعیب ملک کی اہلیہ ثانیہ مرزا نے ٹینس کورٹ کو ہمیشہ کیلئے خیرباد کہہ دیا

نئی دہلی (سپورٹس نیوز) بھارتی ٹینس اسٹار اور قومی کرکٹر شعیب ملک کی اہلیہ ثانیہ مرزا نے ٹینس کورٹ کو ہمیشہ کیلئے خیرباد کہہ دیا۔ آسٹریلین اوپن کے مکسڈ ڈبلز فائنل میں ثانیہ مرزا اور انکے ساتھی روہن بوپنا کو برازیلین جوڑی کے ہاتھوں 6-7 اور 2-6 سے شکست ہوئی۔ میچ کے اختتام پر حریف ٹیم کو جیت کی مبارکباد دی اور گفتگو کے دوران انکی آنکھوں میں آنسو آ گئے، انہوں نے کہا کہ میرا پروفیشنل کیریئر میلبرن سے شروع ہوا اور کیریئر کے اختتام کیلئے اسی جگہ کو چنا۔ ثانیہ مرزا نے کہا کہ میں اپنے کیریئر پر اپنے والدین سمیت دوستوں کا شکریہ ادا کرتی ہوں جنہوں نے مجھے سپورٹ کیا۔ قبل ازیں بھارتی ٹینس اسٹار ثانیہ مرزا نے حال ہی میں ویمن ٹینس ایسوسی ایشن کی ویب سائٹ کو دیے گئے ایک انٹرویو میں اعلان کیا تھا کہ وہ آئندہ ماہ دبئی ایونٹ کے بعد ریٹائر ہو جائیں گی۔

پاکستان اور آسٹریلیا کی ویمن ٹیموں کے درمیان تیسرا اور آخری ٹی 20 انٹرنیشنل کرکٹ میچ 29 جنوری کو کھیلا جائے گا

کینبرا (سپورٹس نیوز) پاکستان اور آسٹریلیا کی خواتین کرکٹ ٹیموں کے درمیان تیسرا اور آخری ٹی 20 انٹرنیشنل میچ 29 جنوری کو آسٹریلوی دارالحکومت کینبرا میں کھیلا جائے گا۔ آسٹریلوی ویمن ٹیم کو پاکستان خواتین ٹیم کے خلاف تین میچوں کی سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے۔ میزبان خواتین ٹیم نے پاکستان کی ویمن ٹیم کو پہلے ٹی ٹونٹی میچ میں با آسانی 8 وکٹوں سے شکست دی تھی جبکہ دوسرے ٹی ٹونٹی میچ میں بھی 8 وکٹوں سے مات دی۔ اس سے قبل آسٹریلوی ٹیم تین ون ڈے میچوں کی سیریز میں پاکستان کو 0-3 سے وائٹ واش کر چکی ہے۔ دونوں ٹیموں کے درمیان سیریز کا تیسرا اور آخری ٹی 20 میچ 29 جنوری کو کینبرا میں کھیلا جائے گا، ٹی 20 سیریز میں پاکستان کو بسمہ معروف لیڈ کر رہی ہیں۔ دونوں ٹیموں کی کپتانوں نے ٹی ٹونٹی سیریز میں کامیابی کے لئے بیانات دیئے ہیں، اور شائقین کرکٹ کو کانٹے دار مقابلہ دیکھنے کو ملے گا۔ پاکستان اور آسٹریلیا کی خواتین کرکٹ ٹیموں کے درمیان تیسرا اور آخری ٹی 20 انٹرنیشنل میچ 29 جنوری کو آسٹریلوی دارالحکومت کینبرا میں کھیلا جائے گا۔ آسٹریلوی ویمن ٹیم کو پاکستان خواتین ٹیم کے خلاف تین میچوں کی سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری۔

کرکٹ ویسٹ انڈیز نے برائن لارا کو اہم ذمے داری دے دی

لاہور (سپورٹس نیوز) کرکٹ ویسٹ انڈیز نے بیٹنگ لیجنڈ اور سابق کپتان برائن لارا کو اہم ذمے داری دے دی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق برائن لارا کو پرفارمنس مینٹور مقرر کر دیا گیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق برائن لارا نے کرکٹ ویسٹ انڈیز کی معاونت کرنے پر رضامندی ظاہر کر دی ہے۔ کرکٹ ویسٹ انڈیز کے مطابق برائن لارا تمام فارمیٹس میں ٹیم کے ساتھ پرفارمنس مینٹور ہوں گے اور وہ اکیڈمی میں بھی اپنی رائے دیں گے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق برائن لارا۔

کھلاڑیوں کو عمر رسیدہ کہہ کر ایک طرف کرنا درست نہیں: وہاب ریاض

تعصب کی کوئی حد ہونی چاہیے، کھلاڑیوں کو عمر رسیدہ کہہ کر ایک طرف کرنا درست نہیں،

لاہور (سپورٹس نیوز) قومی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بالر وہاب ریاض نے کہا ہے کہ مجھے امید ہے کہ چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) مینجمنٹ کمیٹی نجم سیٹھی ملک کیلئے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کے ساتھ انصاف کریں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فاسٹ بالر وہاب ریاض نے اپنے ایک انٹرویو میں کہا ہے کہ تعصب کی کوئی حد ہونی چاہیے، کھلاڑیوں کو عمر رسیدہ کہہ کر ایک طرف کرنا درست نہیں، اگر عمر اہم ہے تو اصول سب کے لیے یکساں ہونے چاہئیں۔ فاسٹ بالر نے کہا کہ چیف سلیکٹر محمد وسیم نے اپنے دور میں کھلاڑیوں کی خراب سلیکشن کی، ان کے پاس عماد وسیم، شعیب ملک اور سرفراز احمد جیسے کھلاڑیوں کو منتخب نہ کرنے کا کوئی جواز نہیں تھا۔

وقار یونس ثانیہ مرزا کے بارے میں کیا سوچتے ہیں؟

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کوچ وقار یونس نے ٹینس اسٹار ثانیہ مرزا کو شاندار کیریئر پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ سوشل میڈیا پر وقار یونس نے ثانیہ مرزا کی تصویر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ ثانیہ کے بارے میں جب سوچتے ہیں تو کیا الفاظ ذہن میں آتے ہیں۔ وقار یونس نے لکھا کہ جذبہ، ثابت قدمی اور سخت محنتی کے الفاظ میرے ذہن میں آتے ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ غیر معمولی کیریئر پر ثانیہ مرزا کو مبارکباد دیتا ہوں۔ وقار یونس نے ثانیہ مرزا کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا بھی اظہار کیا۔ واضح رہے کہ آج ثانیہ مرزا کو آسٹریلین اوپن ٹینس کے مکسڈ ڈبلز کے فائنل میں شکست ہوئی تھی جو کہ ان کے کیریئر کا آخری گرینڈ سلم تھا۔ یاد رہے کہ ثانیہ مرزا آئندہ ماہ دبئی میں ایونٹ کھیل کر ریٹائر ہو جائیں گی۔

خرم منظور نے سرفراز احمد کو بابر اعظم سے بڑا "کپتان" قرار دیدیا

کراچی (سپورٹس نیوز) ڈومیسٹک کرکٹ میں مسلسل رنز کے انبار لگانے والے اور سلیکٹرز کی نظروں سے اوجھل خرم منظور نے سرفراز احمد کو بابر اعظم سے بڑا کپتان قرار دیدیا۔ معروف یوٹیوبر سے پوڈ کاسٹ پر بات کرتے ہوئے قومی ٹیم کے اوپننگ بلے باز خرم منظور نے کہا کہ سرفراز احمد میرے بچپن کے دوست ہیں، انہوں نے پاکستان کو انڈر-19 ورلڈ کپ، آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی، 11 مسلسل ٹی 20 سیریز کی فتوحات، کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو پی ایس ایل چیمپئن بنوانا سمیت آئی سی سی رینکنگ میں ٹاپ نمبر ایک ٹیم بنانا شامل ہے۔

کرکٹ کا عمر سے تعلق نہیں، پرفارمنس اہم ہوتی ہے: افتخار احمد

بنگلہ دیش پریمیئر لیگ (بی پی ایل) میں بہت لطف اندوز ہو رہا ہوں



لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ ٹیم کے مڈل آرڈر بیٹر افتخار احمد نے کہا ہے کہ کرکٹ کا عمر سے تعلق نہیں، پرفارمنس اہم ہوتی ہے، بھارت اور آسٹریلیا جیسی ٹیموں میں بھی 30 برس سے زائد کھلاڑیوں کو کھلایا جاتا ہے۔ کرکٹ ویب سائٹ کو دیئے گئے حالیہ انٹرویو میں قومی بیٹر افتخار احمد کا کہنا تھا کہ 30 برس کی عمر کے بعد کھلاڑی دماغی طور پر مضبوط ہوتا ہے، میرے کانوں میں یہ بات پڑتی ہے کہ نوجوان کھلاڑیوں کو کھلایا جائے، مجھے یہ برا لگتا ہے میں بھی آخر انسان ہوں۔ افتخار نے اپنا نام چاچا رکھے جانے کی وجہ بتاتے ہوئے کہا۔

بابر اعظم اور سرفراز احمد 5 فروری کو آمنے سامنے ہوں گے

بگٹی اسٹیڈیم میں بابر اعظم کی قیادت میں شاہد آفریدی، وہاب ریاض ایکشن میں ہوں گے

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم اور سابق کپتان سرفراز احمد 5 فروری کو ایک دوسرے کے مدمقابل ہوں گے۔ بگٹی اسٹیڈیم میں بلوچستان حکومت اور پاکستان کرکٹ بورڈ کے اشتراک سے نمائشی میچ کھیلا جائے گا۔ اس نمائشی میں بابر اعظم ٹیم یلو اور سرفراز احمد ٹیم پرپل کے کپتان ہوں گے۔ بگٹی اسٹیڈیم میں بابر اعظم کی قیادت میں شاہد آفریدی، وہاب ریاض ایکشن میں ہوں گے۔ بابر اعظم کی ٹیم میں محمد حارث، دانش عزیز اور صائم ایوب بھی شامل ہیں۔ دوسری جانب سرفراز احمد کی قیادت میں کھیلنے والی ٹیم میں افتخار احمد، محمد حسنین، نسیم شاہ اور عمر اکمل شامل ہیں۔ بگٹی اسٹیڈیم میں بابر اعظم کی قیادت میں شاہد آفریدی، وہاب ریاض ایکشن میں ہوں گے۔ بابر اعظم کی ٹیم میں محمد حارث، دانش عزیز اور صائم ایوب بھی شامل ہیں۔ دوسری جانب سرفراز احمد کی قیادت میں کھیلنے والی ٹیم میں افتخار احمد، محمد حسنین، نسیم شاہ اور عمر اکمل شامل ہیں۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
28 جنوری 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 28 جنوری 2023، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل G-6/3، ضیا مسجد، طفیل شہید، ٹی اینڈ ٹی، چھٹہ بختاور، ہائی وے، F-8/3، FHS، پولیس لائن، میرا جعفر، F-11/2، بھارہ کہو، پنڈی پوائنٹ، بیروٹ نمبل، اپرٹوپہ، پتریاٹہ، پیر سوہاوہ، انگوری، شاہ پور، شاہدرہ، منگیال، ڈسٹو، ٹی اینڈ ٹی، تریٹ، بھارہ کہو ٹو، گالف سٹی، بھارہ کہو فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، فیض آباد، راجہ سلطان، خرم کالونی، فضائیہ، مسلم ٹاؤن، ڈھوک حکمداد، سٹی، میجر مسعود، جامع مسجد، گلزار شہید، عیدگاہ، پیپلز کالونی، ریس کورس، نسٹ روڈ، پنڈ ہون، موہن پورہ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، آدم جی روڈ، جیل پارک، سواں گارڈن ون، موہڑہ نگیال، جھنڈا، ہمایوں، ڈیفنس روڈ، عسکری XIV، رنیال، شاہ جیون، چونگی نمبر 22، روات، کہوٹہ سٹی ون، لہتراڑ ون، حنیف شہید، کے آر ایل، ٹی ایچ کیو، کمبیلی صادق، مندرہ ٹو، آئی سی ٹی، حامد جھنگی، کلیام، کرنب کسوال، نشان حیدر، ککن، شگن، اڈیالہ جیل، شاہ پور، خصالہ، زراج، ڈھوک اعوان، آئی ایس ٹی، موہڑہ نگیال، نیو روات، پنڈ جاٹاں، جرار کیمپ، جھٹہ ہتھیال فیڈرز، اٹک سرکل، ٹیکسلا، مشتاق حسین، دھریک، چنڈ پڑیاں، سنگجانی، پورمیانہ، گھڑی افغاناں، اسلام پورہ، براہما، غور غشتی، شادی خان، سرکہ، کچہری، ڈھوک فتح، دارلسلام، مانسر، تین میلا، حمید، سٹی، مٹھیال، قطبال، جھنگ، دھکنیر، دھرنال، گلیال، گل محمد، کھنڈا فیڈرز، چکوال سرکل، بھون، آرا بازار، مینکن، کلر کہار، سرپاک، ادھمی، ڈھڈیال رورل، دھروگی، راجگان، بھکیری، دندوٹ، راول، احمد آباد، کچہری، سکھر پور، کوٹ چوہدریاں، کوٹ گلہ، کوٹ شیرا، ملکوال، اکوال، بلال آباد، بھڈیال، پتوالی فیڈرز، جہلم سرکل،، صبح 10:00 بجے تا دن 03:00 بجے تک، اجمل شہید، ثناء اللہ شہید، سی ایم ایچ جہلم، منڈی بھلوال، فتح پور، F-8 سول لائن، اکرم شہید، F-2 جیپ بورڈ، F-10 کالا بیں، بوریاں، انڈسٹریل، ایم ریاض شہید، گداری، چٹالہ، بھڈیال، کرنل محمد اکرم، سندل، نئی خانقاہ، بل اعوان، شاہ سفیر، کنگر ٹھاٹھی فیڈرز، جی ایس او سرکل، صبح 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک G-14/3&4، نسٹ روڈ، G-13/4 ایکسٹینشن فیڈرز، صبح 08:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک، پنڈی پوائنٹ اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بندر ہے گی۔

بقیہ 1

پتہ چل جائے گا جس طرح کراچی میں پتہ چلا ہے، مسلم لیگ (ن) کی خواہش ہے کہ ملک میں ایک وقت پر عام انتخابات ہوں لیکن جس طرح بھی ہوں، ہم مکمل طور پر تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محترمہ بینظیر بھٹو کا قتل، میاں نواز شریف کی ریلی پر حملہ اس وقت کی سیکیورٹی خامی کا نتیجہ تھے، لیکن عمران خان پر وزیرآباد میں حملہ ایک انسان کے ذہنی اختلاف کی بنیاد پر ہوا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ میاں نواز شریف کی وطن واپسی کا فیصلہ تفصیلی سیکیورٹی جائزہ لینے کے بعد ہوا ہے، میاں نواز شریف ایک مقبول اور حقیقی عوامی لیڈر ہیں، وہ انتخابات کے وقت پاکستان میں ہوں گے، اس سلسلہ میں سیکیورٹی انتظامات مکمل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی رہنماؤں کے خلاف مقدمات اور گرفتاری ہوتی رہتی ہیں مگر پی ٹی آئی والے تو خود غیر قانونی فعل کرکے گرفتاری پر شور مچاتے ہیں۔

بقیہ 2

ایس ایم تنویر کو انرجی، انڈسٹری اینڈ کامرس، ڈاکٹر جاوید اکرم سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اور میڈیکل ایجوکیشن کے وزیر ہوں گے۔ اس کے علاوہ ابراہیم مراد لوکل گورنمنٹ، ڈاکٹر جمال ناصر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر، اظفر علی محکمہ اوقاف، زکوٰۃ وعشر اور منصور قادر محکمہ ہائر ایجوکیشن اینڈ سکولز کے وزیر ہوں گے

بقیہ 3

ضمنی الیکشن 16 مارچ کو ہوگی، شیڈول کا آغاز 3 فروری کو پبلک نوٹس جاری کرتے سے ہوگا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق امیدوار کاغذات نامزدگی 6 سے 8 فروری تک جمع کرا سکیں گے، کاغذات کی جانچ پڑتال 9 فروری کو ہو گی، امیدواروں کو انتخابی نشان 23 فروری کو جاری ہوں گے۔ جن حلقوں میں ضمنی الیکشن ہوں گے ان میں سوات، ہری پور، صوابی، نوشہرہ، کوہاٹ، ڈی آئی خان شامل ہیں۔ اس کے علاوہ اسلام آباد کے تین حلقے، راولپنڈی کے پانچ، کراچی کے 9 حلقے، لاہور اور ملتان کے دو، دو حلقوں پر بھی ضمنی الیکشن 16 مارچ کو ہوں گے۔ کراچی میں این اے 241 کورنگی اور این اے 242 شرقی میں ضمنی الیکشن ہوں گے، این اے 243، این اے 244 اور این اے 247 جنوبی میں بھی الیکشن شیڈول میں شامل ہے۔ پی ٹی آئی ارکان قومی اسمبلی کے استعفوں کے باعث یہ نشستیں خالی ہوئی تھیں، اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے گزشتہ دنوں تحریک انصاف کے ارکان کے استعفے منظور کیے تھے۔ دوسری جانب الیکشن کمیشن نے انتخابی ضابطہ اخلاق پر سیاسی جماعتوں سے مشاورت کا فیصلہ کرلیا۔ الیکشن کمیشن نے انتخابی ضابطہ اخلاق پر 21 بڑی سیاسی جماعتوں کے سربراہوں کو 2 فروری کو مدعو کرلیا ہے، الیکشن کمیشن ضابطہ اخلاق پر سیاسی جماعتوں سے مشاورت اور تجاویز مانگے گا۔ چیف الیکشن کمشنر کی زیرصدارت اجلاس 2 فروری کو ہوگا، پی ٹی آئی، مسلم لیگ ن، پیپلز پارٹی، ایم ایم اے اور ایم کیو ایم کو دعوت نامے ارسال کردیئے گئے۔ اس کے علاوہ مسلم لیگ ق، بی اے پی، اے این پی، پی کے میپ اور جی ڈی اے کو بھی دعوت نامے ارسال کئے گئے ہیں۔

بقیہ 4

عمران خان کے حکم کے غلام کا کردار ادا کرتے آرہے ہیں۔ آئین کے تحت وزیراعظم کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک جمع ہونے کے باوجود عارف علوی نے اسمبلی توڑی۔ عارف علوی کے ماورائے اقدام کو سپریم کورٹ نے ختم کرکے اسمبلی بحال کی سیاسی مذاکرات کھلے دل سے ہوتے ہیں، مشروط نہیں ہوتے، قوم اور ملک کی سوچ ہوتو نتیجہ خیز مذاکرات ہوتے ہیں لیکن عمرانی سوچ کے تحت مقصد حکمرانی اور اقتدار میں بیٹھنا ہوتو معاملات نہیں چلتے۔ نیئر بخاری نے کہا مستقبل کو مدنظر رکھ کر انتخابات کا لائحہ عمل بنائیں گے۔ سیاسی صورتحال کو مدنظر رکھ کر ہی انتخابی اتحاد کا فیصلہ کریں گے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز صدر مملکت نے لاہور میں سینئر صحافیوں سے گفتگو کی اور عمران خان کی ممکنہ گرفتاری کے حوالے سے بھی بات چیت کی۔ انہوں نے کہا کہ کہا کہ عمران خان کی گرفتاری پر مزید حالات خراب ہوں گے، ایسا نہیں ہونا چاہیے کیوں کہ شدید عوامی ردعمل آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ فواد چودھری کے معاملے پر پارٹی نے مجھ سے کوئی بات نہیں کی، انہیں جس طرح ہتھکڑیاں لگائی گئیں، شرم آنی چاہیے۔ صدر علوی نے کہا کہ سیاسی میدان میں حکومت کی جانب سے ڈیڑھ ماہ میں مذاکرات میں کوئی پیش رفت نہیں کی گئی۔ اس وقت کسی سطح پر مذاکرات نہیں ہورہے۔ عمران خان مذاکرات سے انکاری نہیں ہیں۔ میں اس کا ذمے دار حکومت کو سمجھتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میرا اسٹیبلشمنٹ سے کوئی رابطہ نہیں ہے۔ میرا خیال تھا کہ لوگ مذاکرات کے لیے بیٹھ جائیں گے۔ فوج کہہ چکی ہے کہ وہ سیاست میں دخل اندازی نہیں چاہتی۔

بقیہ 5

چاہیے۔ ملک میں ایک آفت آئی اور ہم مشکلات کا شکار ہو گئے، مشکلات قوموں کی زندگی میں آتی ہیں اور وہیں قومیں ترقی کرتی ہیں جو مشکلات کو چیر کر آگے بڑھتی ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ مخلوط حکومت کا وژن یہی ہے اور ہم اس پر عمل پیرا ہوں گے، چینی کمپنیوں پر بے بنیاد الزامات لگائے گئے، ایم ایل ون الزام تراشی کا شکار نہ ہوتا تو معاملہ خراب نہ ہوتا۔ پاکستان اس نہج پر کھڑا ہے جہاں ایک ایک پائی بچانے کی کوشش کررہے ہیں، اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کیلئے امانت اور دیانت کو اپنانا ہوگا۔ قبل ازیں وزیر مملکت مصدق ملک نے کہا کہ وزیراعظم کا صرف ایک ہی مقصد اور پیغام ہے کہ ملک کو آگے لے کر جانا ہے، ترقی یافتہ بنانا ہے۔ ملکی ترقی کا مطلب ہے نوجوانوں کو نوکریاں ملیں، عوام کو صحت اور تعلیم کی سہولیات میسر ہوں، اسکے علاوہ جتنی بھی آوازیں ہیں وہ بے مقصد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ توانائی کے سستے ذرائع تلاش کیے جائیں تا کہ عوام کو ریلیف مل سکے۔ نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ نواز شریف کو بیٹے سے تنخواہ نہ لینے پر نااہل کیا گیا حالانکہ وہ اپنے بیٹے کی کمپنی کے اعزازی بورڈ ڈائریکٹر تھے، روس کیساتھ تیل کی خریداری کیلئے معاہدے طے پاگئے، روس سے جلد سستے تیل کی فراہمی شروع ہوجائے گی۔ مصدق ملک نے کہا کہ روسی وفد سے 45 دن قبل بات چیت شروع کی گئی تھی جس کے بعد کہا گیا تھا کہ مارچ کا مہینہ ختم ہونے سے پہلے پہلے پاکستان اور روس کے درمیان سستے خام تیل کا معاہدہ طے جائے گا

بقیہ 6

اور علی الصبح 2500 میٹر رہی۔ خراب حدنگاہ کی وجہ سے دبئی سے لاہور آنے والی پرواز پی اے 411 دس گھنٹے 37 منٹ تاخیر کا شکار ہوئی۔ اسی طرح مدینہ سے لاہور انے والی پرواز پی کے 748 سات گھنٹے 19 منٹ تاخیر کا شکار ہوئی۔ ترجمان نے بتایا کہ شارجہ سے لاہور انے والی پرواز پی اے 413 چھیالیس منٹ تاخیر کا شکار ہوئی جبکہ لاہور سے ابوظہبی جانے والی پرواز پی اے 430 چھ گھنٹے 45 منٹ تاخیر سے روانہ ہوئی، لاہور سے جدہ جانے والی پرواز پی کے 759 پانچ گھنٹے 10 منٹ تاخیر کا شکار ہوئی۔ لاہور سے کراچی جانے والی پرواز پی اے 401 ایک گھنٹہ 15 منٹ تاخیر کا شکار ہوئی، اسی طرح فیصل آباد ائرپورٹ پر دھند لاموسم اور حدنگاہ 4000 میٹر رہی۔ ملتان ائرپورٹ پر ہلکی دھند اور حدنگاہ 2000 میٹر رہی۔ ترجمان نے کہا کہ مسافروں سے گذارش ہے کہ براہ کرم ہوائی اڈے روانگی سے پہلے اپنی ایئر لائن سے رابط میں رہیں۔ مسافر فلائٹ انکوائری نمبرز 114 یا 114222001141110800 یا ویب سائٹ http://caapakistan.com.pk سے معلومات ضرور حاصل کرلیں

بقیہ 7

نشستوں والے کو گھر بھیج کر 84 سیٹوں والے کو وزیراعظم بنا دیا گیا۔ کہا جارہا ہے کہ نگران سیٹ اپ کو لمبا کھینچے گے اور 90 روز میں انتخابات نہیں ہو سکتے، اگر 90 روز میں دو صوبوں میں الیکشن نہیں کراتے تو آرٹیکل 6 لگتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسد عمر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ 1971 کے بعد کبھی ایسی صورتحال نہیں دیکھی جیسی آج ہے، اس وقت بھی عوام کے مینڈیٹ کو تسلیم نہیں کیا گیا تھا اور ملک دولخت ہوگیا، ملک کے لیڈرز کو زور، جبر اور دھمکی سے دبانے کی کوشش کی جارہی ہے، انکو الیکشن میں جانا پڑے گا اور نئے مینڈیٹ کے ساتھ حکومت بنے گی جو قابل قبول ہوگی۔ اسد عمر کا کہنا تھا کہ ہوشربا مہنگائی ہوگئی ہے، یہ کہتے تھے کہ ڈالر 200 روپے سے نیچے آئے گا، حکومت کے اپنے اعداد وشمار کے مطابق مہنگائی کی شرح بلندترین ہوئی ہے۔ جیسی صورت حال پیدا کردی گئی ہے، آئی ایم ایف کا کوئی مطالبہ رد کیے جانے کا امکان نہیں ہے، یہ پاکستان کی اکانومی کا مسئلہ نہیں، اب یہ قومی سلامتی کا مسئلہ بن گیا ہے، آئی ایم ایف سے جو معاہدہ ہوگا پتہ نہیں کیا کیا مہنگا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی عوام پر 45 ہزار کروڑ روپے قرضے کا بوجھ بڑھ گیا ہے، پچھلے 9 مہینوں میں قوم نے بدترین مہنگائی دیکھی ہے، ملک میں ہزاروں کاروبار بند اور لوگ بے روزگار ہوگئے ہیں۔ پرویز الٰہی نے فواد چودھری کے حوالے سے نامناسب بیان دیا جبکہ فواد چودھری کو سچ بولنے پر اٹھایا گیا تاہم امید ہے کل فواد چودھری کو ضمانت مل جائے گی۔ جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی کا مزید کہنا تھا کہ پنجاب پولیس نے جو فرخ حبیب پر الزام لگایا، انکی اہلیت ثابت کر رہا ہے، فرخ حبیب نے عدلیہ کے فیصلے کے مطابق پولیس کو روکنے کی کوشش کی، ہم پہلے کی طرح اب بھی ہر مصیبت کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہیں

بقیہ 8

بشارت اور سبطین خان نے ملاقات کی جس میں سیاسی امور اور نگران پنجاب حکومت کے طرز عمل پر گفتگو کی گئی۔ چوہدری پرویز الٰہی نے پنجاب میں انتقامی مقدمات اور گرفتاری کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ الیکشن شیڈول آنے کے بعد نگران حکومت غیر آئینی اقدامات سے باز رہے، پنجاب حکومت نے اپنی اصلاح کرنی ہے تو شریف برادران سے دور رہے۔ مخالفین پر دہشت گردی کے مقدمات بنانا نواز شریف کا طرہ امتیاز ہے، پنجاب حکومت شفاف الیکشن کیلئے خود کو آئینی کردار تک محدود رکھے۔ قبل ازیں سابق وزیراعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے گرفتاری کے حوالے سے بیان پر فواد چوہدری کے اہلخانہ سے معذرت کی اور کہا کہ نادانستہ بیان سے فواد چوہدری اور اہلخانہ کے جذبات مجروح ہوئے جس پر افسوس ہے۔ سابق وزیراعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے فواد چوہدری کے بھائی فیصل چوہدری ایڈووکیٹ کو ٹیلی فون کیا، پرویز الٰہی نے گرفتاری کے حوالے سے بیان پر کہا کہ فواد چوہدری اور انکے خاندان سے برسوں پر محیط احترام اور عقیدت کا رشتہ ہے، نادانستہ بیان سے فواد چوہدری اور اہل خانہ کے جذبات مجروح ہونے پر افسوس ہے، فواد چوہدری کی گرفتاری اور جھوٹے پرچے کا اندراج قابل مذمت ہے۔ انکا کہنا تھا کہ اپنے بیان پر معذرت خواہ اور فواد چوہدری اور اہل خانہ سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہوں۔ فیصل چوہدری نے کہا کہ معذرت کرنا آپ کا بڑا پن ہے، چوہدری صاحب ہمیں شرمندہ کر رہے ہیں، آپ بڑے ہیں میں اور میرا خاندان آپ کو بزرگ سمجھتے اور احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ہم بطور خاندان آپ اور آپ کے اہل خانہ کی سلامتی کیلئے دعا گو ہیں

بقیہ 9

نے دہشت گردوں کو ہائر کیا ہے، آرمی چیف سے گزارش ہے وہ کسی افسر کو بھیجیں اسے تفصیلات بتاؤں گا۔ شیخ رشید نے کہا کہ عمران خان کو گرفتار کرکے یہ لوگ اپنے پاں پر کلہاڑا ماریں گے، ان سے ملک چل ہی نہیں رہا، محسن نقوی کے خلاف ہم سپریم کورٹ جارہے ہیں، وہ وزارت اعلیٰ کے لئے نا اہل اور زرداری کا فرنٹ مین ہے۔ شیخ رشید نے کہا کہ ن لیگ 2 حصوں میں بٹ چکی ہے، بڑی خبر یہ ہے کہ یہ صوبائی اسمبلیوں کے الیکشن نہیں کروا رہے۔ عوامی مسلم لیگ کے سربراہ نے کہا کہ فواد چوہدری پی ٹی آئی کا مقبول لیڈر بن گیا، چیف الیکشن کمشنر صاحب الیکشن کرائیں پرچے نہ کرائیں۔ شیخ رشید نے کہا کہ 13 پارٹیاں ڈری ہوئی ہیں، انہوں نے الیکشن میں نہیں جانا، عوام کے پاس کھانے کو کچھ نہیں کون ان کو ووٹ دے گا

بقیہ 10

حوالے سے بیان پر فواد چوہدری کے اہل خانہ سے معذرت کرتے ہوئے کہا کہ فواد چوہدری اور انکے خاندان سے برسوں پر محیط احترام اور عقیدت کا رشتہ ہے، نادانستہ بیان سے فواد چوہدری اور اہل خانہ کے جذبات مجروح ہونے پر افسوس ہے، فواد چوہدری کی گرفتاری اور جھوٹے پرچے کا اندراج قابل مذمت ہے۔ انکا کہنا تھا کہ اپنے بیان پر معذرت خواہ اور فواد چوہدری اور اہل خانہ سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہوں۔ فیصل چوہدری نے کہا کہ معذرت کرنا آپ کا بڑا پن ہے، چوہدری صاحب ہمیں شرمندہ کر رہے ہیں، آپ بڑے ہیں میں اور میرا خاندان آپ کو بزرگ سمجھتے اور احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ہم بطور خاندان آپ اور آپ کے اہل خانہ کی سلامتی کیلئے دعا گو ہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے کہا کہ عمران خان کے قریبی چار پانچ لوگوں میں سے ایک تو پکڑا گیا ہے، پہلے پکڑا جاتا تو کام ٹھیک رہتا، عمران خان ملک کے مقبول ترین لیڈر ہیں۔ چوہدری پرویز الٰہی کا میڈیا سے گفتگو میں کہنا تھا کہ پی ٹی آئی والوں کو بہت سمجھایا ہمیں کام کرنے دو، ایک سال اور کام کرتے تو ن لیگ کے کپڑے بھی نہ ملتے۔ عمران خان کے قریب جو لوگ تھے، انہوں نے پارٹی کی جڑ ہی کاٹ دی، چار پانچ قریبی لوگوں میں سے ایک تو پکڑا گیا ہے، پہلے پکڑا جاتا تو کام ٹھیک رہتا۔ ہم نے چند ماہ میں ہی 5 سالوں کے برابر کام کیا، عمران خان سے کہا تھا کہ ہمیں کام کرنے دیں، عمران خان کو اسمبلی تحلیل کرنے کا اختیار دیا ہوا تھا۔ سابق وزیراعلی پنجاب نے کہا کہ شہباز شریف کو سوائے مانگنے کے کچھ نہیں آتا، ہماری حکومت میں عوام کو سستا آٹا دیا گیا، نگران وزیراعلی پنجاب کا کام صرف الیکشن کرانا ہوتا ہے

بقیہ 11

جانب سے فراہم کیے گئے۔ مذکورہ گیس ٹرانسمیشن منصوبے میں آٹھ انچ قطر کی 25.3 کلومیٹر طویل ٹرانسمیشن لائن کے علاوہ 582 کلومیٹر طویل ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک اور پنڈی بھٹیاں کے مقام پر سیلز میٹرنگ اسٹیشن) ایس ایم ایس (بھی شامل ہے۔ منصوبے میں شامل ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک کو پہلے سے موجود سپلائی مین سے منسلک کر کے کمیشن کیا جاچکا ہے۔ اس منصوبے سے جہاں نئے صارفین کو گیس سپلائی ممکن ہوسکے گی وہیں پنڈی بھٹیاں، کوٹ سرور، کلے کی منڈی، جلال پور بھٹیاں اور ملحقہ علاقوں میں گیس کے پریشر کا مسئلہ بھی حل ہوجائے گا

بقیہ 12

نے اسلام آباد میں عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چند تھانے داروں نے ملک کو تباہ کردیا، بھارت اتنا آگے چلا گیا اور ہم کہاں جارہے ہیں؟۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے وکیل کے منہ پر کپڑا ڈالنا کہاں کا انصاف ہے؟ کلبھوشن یادیو کے منہ پر کپڑا ڈالا، ہتھکڑی لگانے کی ہمت کی؟ کلبھوشن یادیو سے کبھی پوچھا تمہارے پیچھے مودی ہے؟۔ بابر اعوان نے کہا کہ الیکشن کمیشن کو پوری قوم کیخلاف بغاوت کے مقدمے درج کرنے ہونگے، پاکستان میں بڑی جیل بنا کر سب کو قیدیوں میں شمار کرلیں۔ 124 اے اور 505 کے کیس میں آرمی شکایت کرسکتی ہے، الیکشن کمیشن کی تحلیل کا ریفرنس بن سکتا ہے، حکومت کا کام الیکشن کمیشن کررہا ہے، سیکرٹری الیکشن کمیشن خود کو حکومت سمجھتے ہیں، 124 اے اور 505 اس کیس میں نہیں لگتے۔ انہوں نے کہا کہ فواد چوہدری کیخلاف ایف آئی آر اسلام آباد میں درج ہوئی اور لاہور سے اغوا کیا گیا، فواد چوہدری کو اغوا کرنے والوں کیخلاف مقدمہ درج کرائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کے مطابق وفاقی اور صوبائی حکومت درخواست دائر کرسکتی ہے، آئین کے مطابق الیکشن کمیشن عدالت ہے نہ ٹربیونل، سرکار نے کہا الیکشن کمیشن کی توہین کی گئی

بقیہ 13

لئے بابر غوری کی حفاظتی ضمانت منظور کی ہے۔ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ بابر غوری 30 جنوری کو وطن واپس پہنچیں گے۔ انسداد دہشت گردی کی عدالت نے بابر غوری کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر رکھے ہیں جو عدالت نے معطل کر دیئے۔ بابر غوری کو نیب نے بھی طلب کر رکھا ہے۔ حفاظتی ضمانت کی درخواست بابر غوری کی بیٹی کی جانب سے دائر کی گئی۔ بابر غوری 30 جنوری کو دبئی سے پاکستان پہنچیں گے، وہ ایم کیو ایم کے رہنماؤں سے ملاقات کریں گے

بقیہ 14

گیٹ ابراہیم خان نے مختلف کارروائیوں کے دوران چار ملزمان ناظم علی، آصف خان، واحد اللہ اور سید رحمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کا تعلق شہر کے مختلف علاقوں سے ہے۔ خفیہ اطلاعات پر گرفتار ملزمان نے ابتدائی تفتیش کے دوران منشیات کے مکروہ دھندے میں ملوث ہونے کا اعتراف کرلیا جن کے قبضے سے مجموعی تین کلوگرام سے زائد چرس، ایک عدد کلاشنکوف اور متعدد کارتوس بھی برآمد ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی گئی ہے

بقیہ 15

سے ختم کرنے کی منصوبہ بندی کی جاری ہے، عمران خان کی موجودگی میں 13 پارٹیاں الیکشن لڑنے کیلئے تیار نہیں۔ ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں شیخ رشید نے کہا کہ ڈالر 260 کا، زرمبادلہ کے ذخائر ساڑھے 3 ارب، آئی ایم ایف کھٹائی میں پڑچکا ہے اور یہ لال حویلی پر قبضے کے ارادے میں ہیں، نااہل حکومت حواس باختہ ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 5 مرلے کی لال حویلی ہماری ذاتی ملکیت ہے، دل یزداں میں کانٹے کی طرح کھٹکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2 باتیں طے کرلی گئی ہیں کہ صوبے کے الیکشن مرکز کے ساتھ ہونگے اور مائنس عمران کروانے کی کوشش کی جائے گی

بقیہ 16

نے فواد چوہدری کو جوڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل بھیج دیا۔ قبل ازیں اسلام آباد کی سیشن عدالت میں الیکشن کمیشن اراکین کو دھمکانے سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی۔ دوران سماعت پراسیکیوٹر نے کہا کہ فوٹو گرامیٹرک ٹیسٹ لاہور سے کروانا ہے، مزید جسمانی ریمانڈ درکار ہے، مزید تفتیش کے لیے جسمانی ریمانڈ ضروری ہے۔ پراسیکیوشن کی جانب سے شہباز گل کیس کا حوالہ دیا گیا۔ تفتیشی افسر کا کہنا تھا کہ رات 12 بجے دو روز کا ریمانڈ ملا تب تک ایک دن ختم ہوگیا تھا، عملی طور پر ہمیں ایک دن کا ریمانڈ ملا ہے اب مزید ریمانڈ دیا جائے۔ وکیل الیکشن کمیشن نے کہا کہ فواد چوہدری کا بیان ریکارڈ پر موجود ہے، انہوں نے اپنی تقریر کا اقرار بھی کیا ہے، تقریر پر تو کوئی اعتراض اٹھا نہیں سکتا، ملزم نے بیان مانا ہے۔ فواد چوہدری نے حکومت کے خلاف الزامات لگائے، الیکشن کمیشن کو حکومت کا منشی کہا، فواد چوہدری نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے ملازمین کے گھروں تک جائیں گے، الیکشن کمیشن کا کردار اگلے چند ماہ بہت اہم ہے۔ وکیل کا کہنا تھا کہ الیکشن کمیشن کا کام کرپشن ختم کرنا ہے لیکن فواد چوہدری پریشر بڑھا رہے ہیں، فواد چوہدری کے گھر کی تلاشی لینا ضروری ہے، انکے گھر سے لیپ ٹاپ اور موبائل ان کی موجودگی میں لینا ضروری ہے۔ پی ٹی آئی وکیل بابر اعوان کا کہنا تھا کہ میں بھی فواد چوہدری کے بیان میں شامل ہوں۔ دوران سماعت فواد چوہدری روسٹرم پر آئے اور کہا کہ عمران خان پاکستان کے لیے جدوجہد کررہے ہیں، ہم حق سچ بات کریں گے۔ میں پی ٹی آئی کا ترجمان ہوں، ضروری نہیں میری اپنی رائے ہو۔ فواد چوہدری کا کہنا تھا کہ میں نے اپنی جماعت کی ترجمانی کرنی ہے، جو میں نے بیان دیا وہ میری جماعت کا مؤقف ہے۔ مجھے اسلام آباد پولیس نے نہیں لاہور پولیس نے گرفتار کیا، میرا موبائل فون پولیس کے پاس ہے اور میری سم بند کی جائے، بعد ازاں عدالت نے فواد چوہدری کے مزید جسمانی ریمانڈ کی استدعا پر فیصلہ محفوظ کرلیا

بقیہ 17

بروقت حل اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، ایس پی صدر بلال محمود سلہری۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی صدر بلال محمود سلہری نے تھانہ دھمیال کا اچانک دورہ کیا، ایس پی صدر نے تھانہ کے فرنٹ ڈیسک ریکارڈ، حوالات، تھانہ کی عمارت اور صفائی کے نظام سمیت دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا، ایس پی صدر نے افسران و اہلکاروں سے ملاقات کی اور مسائل بھی دریافت کیے، ایس پی صدر بلال محمود سلہری کا کہنا تھا کہ تھانے میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، تھانہ کی سطح پر شہریوں کی شکایات کے بروقت ازالے کو یقینی بنایا جائے گا، سروس ڈیلیوری کی بہتری کے لیے تھانوں کی سرپرائز چیکنگ کا سلسلہ جاری رہے گا

بقیہ 18

پرتپاک استقبال کریں گے۔ قائد مسلم لیگ ن اور سابق وزیراعظم نواز شریف نے مریم نواز کو ایون فیلڈ سے الوادع کیا۔ مریم نواز کی پرواز براستہ دبئی ہفتہ کی سہ پہر 3 بجے پنجاب کے دارالحکومت لاہور پہنچیں گی جبکہ پارٹی قیادت اور کارکنان لاہور ایئرپورٹ پر چیف آرگنائزر کا شاندار استقبال کریں گے۔ دوسری جانب وفاقی وزیر اطلاعات اور مسلم لیگ (ن) کی رہنما مریم اورنگزیب نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے ایک پیغام میں پارٹی کی سینئر نائب صدر کی لندن سے روانگی اور پاکستان پہنچنے کے شیڈول سے آگاہ کیا۔ مریم اورنگزیب نے اپنے پیغام میں بتایا کہ پاکستان مسلم لیگ ن کی سینئر نائب صدر اور چیف آرگنائزر مریم نواز لندن سے روانہ دبئی پہنچ گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز (آج) ہفتے کی سہ پہر 3 بجکر 5 منٹ پر لاہور پہنچیں گی، انشااللہ

بقیہ 19

نماز جمعہ کے خطبات میں سویڈن میں قرآن پاک کے بے حرمتی کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ اس سلسلے میں اپنا کردار ادا کرے اور عالمی برادری کو متحرک کرے۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ ایسے واقعات کے مستقبل میں سدباب کیلئے کوئی جامع لائحہ عمل تیار کرے

بقیہ 20

اور منصفانہ الیکشن ہوجائے، انتخابات کیساتھ امن وامان کی صورتحال کی بہتری اور معاشی مشکلات کے خاتمے کا خواہاں ہوں۔ گورنر خیبرپختونخوا نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی کی سیاسی تربیت کیلئے 3 ماہ کا کورس کرانا چاہیے۔ وفاق خیبرپختونخوا کو رقم کی مکمل ادائیگی کرے گا لیکن پہلے یہ لوگ اپنے دور کا حساب تو دے۔ قبل ازیں اجی غلام علی نے کہا ہے کہ اس وقت ملکی معیشت نازک دور سے گزر رہا ہے۔ چار سال مرکز اور نو سال صوبے میں حکومت کرنے والی جماعت کو اب مہنگائی کا اندازہ ہو گیا ہے۔ صوبے کو دس سال میں دیوالیہ کرنے والے اب کسی منہ سے لوگوں کے پاس جارہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت علماء اسلام کے ضلعی امیر اور سابق ایم این اے مولانا محمد قاسم کی قیادت میں وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر میئر پشاور حاجی زبیر علی، جمعیت طلباء اسلام کے نائب صدر فرمان اللہ ایڈووکیٹ اور ڈپٹی جنرل سیکرٹری لطیف الرحمان اور مولانا قیصر الدین بھی شامل تھے۔ مولانا محمد قاسم نے گورنر کو مردان کے مسائل کے حوالے سے تفصیلی بات چیت کی۔ گورنر نے وفد کو یقین دلایا کہ مردان کو اس کا حق دلانے کے لئے تمام وسائل کو بروئے کار لائیں گے۔ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کی جانب سے ملکی معیشت کو سہارا دینے کے لئے تگ ودو میں مصروف ہیں۔

بقیہ 22

، ڈائریکٹر جنرلز اور تمام علاقائی دفاتر کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ادارے کے انتظامی اور مالیاتی امور سے متعلق کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ پیمرا کی حالیہ سیلاب کے باعث ریونیو کی صورت حال کا جائزہ، فاٹا میں ایف ایم ریڈیو لائسنسنگ انڈر سروڈ ایریا میں کیبل لائسنسنگ اور IPTV سے متعلق پالیسی مرتب کی گئی۔ اس کے علاوہ ادارے کی وصولیوں سے متعلق کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے مختلف امور زیر غور آئے۔ خاص طور پر کیبل ٹی وی کے ٹیرف کی نظر ثانی کیلئے کمیٹی کی تشکیل بھی زیر غور لائی گئی۔ چیئرمین پیمرا نے افسران سے خطاب کرتے ہوئے روزمرہ امور اور ریکوری سے متعلق بریفنگ لی اور پیمرا قوانین پر عملدرآمد کرانے پر زور دیا۔ انہوں نے اس امر کو بھی یقینی بنانے کی تلقین کی کہ غیر قانونی انڈین ڈی ٹی ایچ / سی لائن کی خرید وفروخت اور ترسیل کو سختی سے روکا جائے کیونکہ ان پر دیکھا جانے والا مواد ہماری مذہبی، معاشرتی اور سماجی اقدار اور معیشت کے لیے نقصان دہ ہے۔ چیئرمین پیمرا نے زور دیا کہ ہمیں اپنی توانائیاں اس غیر قانونی ڈی ٹی ایچ کے خلاف جاری مہم کو کامیاب بنانے میں صرف کرنی چاہئیں۔ تمام ریجنل ڈائریکٹرز کو احکامات جاری کئے گئے ہیں کہ پیمرا غیر قانونی / انڈین چینلز کی تقسیم کار، غیر مہذب مواد کی تقسیم کے لئے صفر رواداری کی پالیسی پر عمل پیرا رہیں۔ چیئرمین پیمرا نے تمام افسران کو ادارے کے وقار کی بہتری کے لیے مثالی کارکردگی کا عملی مظاہرہ کرنے کی تلقین کی۔ انہوں نے پیمرا افسران سے کہا کہ وہ پیمرا قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں اور ساتھ ساتھ اس بات پر زور دیا کہ تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ رابطہ ومشاورت یقینی بنائیں ان کا کہنا تھا کہ تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے اور پیمرا لائسنس یافتگان کو مکمل تعاون کو یقینی بناتے ہوئے اس انڈسٹری کا مستقبل تابناک بنائیں۔

بقیہ 23

ایگزیکٹو کے کام میں عدلیہ مداخلت نہیں کرے گی اور عدلیہ کے کام میں بھی ایگزیکٹو مداخلت نہیں کرے گی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے سابق چیئرمین اور ڈی جی نیب پر ہراسگی الزامات پر پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی سفارشات کے خلاف جاوید اقبال اور شہزاد سلیم کی درخواستوں کی سماعت کی۔ چیف جسٹس نے سماعت کے آغاز پر استفسار کیا کہ سوال یہ ہے کہ کیا پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اس معاملے پر دائرہ اختیار ہے؟۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے جواب دیا کہ میرا خیال ہے یہ معاملہ دوبارہ پارلیمنٹ کو جاسکتا ہے۔ چیف جسٹس نے پوچھا کہ کیا پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کل قتل کیس کی تحقیقات بھی کیا کرے گی؟۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ ایگریکلچر ریسرچ کونسل کے ملازمین کو پی اے سی نے بحال کیا تھا۔ سابق چیف جسٹس نے فیصلہ دیا کہ یہ پی اے سی کا اختیار نہیں تھا۔ کیا نور مقدم کیس میں ظاہر جعفر کو بھی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی بلاسکتی ہے؟۔ کیا کمیٹی انہیں بلاکر پوچھ سکتی ہے کہ آپ نے قتل کیا یا نہیں؟۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ ایگزیکٹو کے کام میں عدلیہ مداخلت نہیں کرے گی اور عدلیہ کے کام میں بھی ایگزیکٹو مداخلت نہیں کرے گی۔ مسئلہ یہ ہے کہ کوئی رول آف لا کو سمجھتا نہیں کہ یہ ہے کیا۔ رول آف لا صرف عدلیہ کے لیے نہیں بلکہ سب کے لیے ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں روز بے تحاشا چٹھیاں آتی ہیں، کوئی سکھر سے، کوئی نوابشاہ سے، کوئی کہتا ہے میرا میٹر اکھاڑ لیا گیا، کوئی کہتا ہے میرا بچہ لے گئے لیکن ہمارا دائرہ اختیار نہیں ہوتا، اس لیے اس پر کچھ نہیں کرسکتے۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے پاس ہراسگی کی چٹھی آئی تھی تو دائرہ اختیار دیکھ لیتے۔ پی اے سی نیب کی ریکوری کے معاملات ضرور دیکھے مگر سابق چیئرمین کیخلاف ہراساں کرنے کے معاملات کمیٹی کیسے دیکھ رہی ہے؟۔ عدالت نے کہا کہ مالی بے قاعدگیوں پر بھی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی خود سزا نہیں دے سکتی بلکہ معاملہ انکوائری کے لیے بھجوائے گی۔ بعد ازاں عدالت نے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے دائرہ اختیار کے خلاف کیس پر مزید سماعت 24 فروری تک ملتوی کردی

بقیہ 24

قمر الزماں نے ریفرنس پر سماعت کی۔ وزیراعظم شہباز شریف کے نمائندے انوار حسین نے عدالت کے روبرو پیش ہوکر حاضری مکمل کروائی۔ جبکہ عدالت نے حمزہ شہباز کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کرلی۔ عدالت نے نیب کو تفتیش جوائن کرنے والے نئے ملزمان کے خلاف جلد سپلیمنٹری چالان جمع کروانے کی ہدایت کردی۔ عدالت نے سماعت 17 فروری تک ملتوی کردی

بقیہ 25

سے تحقیق میں اخلاقی اقدار پر لیکچر دی۔ سیمنار سے ڈین آف سوشل سائنسز ڈاکٹر ظاہر شاہ، چیئرپرسن سوشیالوجی ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر حسین علی اور ڈاکٹر سید راشد علی نے بھی خطاب کیا۔ سوشیالوجی، لا، پولیٹیکل سائنس اور ایجوکیشن کے ایم فل اور پی ایچ ڈی اسکالرز نے سیمنار میں شرکت کی۔

بقیہ 26

تنظیموں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہے، سینئر نائب صدر سخاوت حسین مغل، باتوں اور تحریروں میں صحافیوں کے حقوق موجود مگر حقیقت میں پاکستان و دنیا بھر میں موجود صحافی غیر محفوظ و آسان ٹارگٹ ہیں، عامر لطیف بھٹہ ممبر پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان گزشتہ روز ملک بھر کی طرح گوجرخان میں بھی صحافیوں کی جانب سے بااثر شخصیات و سرکاری اداروں کی بےحسی اور صحافیوں کے حقوق کی پامالی و قتل کیے گئے شہید صحافیوں کو انصاف مہیا نہ کیے جانے پر شدید احتجاج کیا گیا اور قومی سطح پر کام کر رہی صحافتی تنظیموں کی کال پر یوم سیاہ منایا گیا گزشتہ روز پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے صحافیوں نے صدر پریس کلب احمد نواز کھوکھر کی قیادت میں پوٹھوہار پریس کلب کے اوپر کالا پرچم لہراتے ہوئے کہا کہ ملک بھر میں صحافیوں کو بیرحمی سے قتل کر دیا جاتا ہے اور ادارے انصاف دلانے میں ناکام رہتے ہیں گزشتہ چند سالوں میں سینکڑوں ہمارے صحافی بہن بھائیوں کو قتل کیا گیا ان کے اکثر یتی قاتل آج بھی کھلے عام دندناتے پھرتے ہیں ہم محفوظ نہیں ہماری فیملیز محفوظ نہیں سرکار کیوں آہنی ذمہ داری ادا نہیں کر رہی، صدر پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان احمد نواز کھوکھر نے مزید کہا کہ ہم اپنی تمام صحافتی تنظیموں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں جو صحافیوں کے حقوق کے لیے جنگ لڑ رہیں ہیں، احتجاج میں پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے سینئر نائب صدر سخاوت حسین مغل نے کہا کہ آج اگر ہم اپنے حقوق کے لیے خاموش رہے تو ہمارے ساتھ ایسے ہی ناانصافیوں کا سلسلہ جاری رہے گا وہ ملک بھر کے صحافیوں کو پیغام دیتے ہیں کہ وہ اپنے حقوق کے لیے نکلیں ایک صحافی کا قتل ہم سب کا قتل ہے اور بھلا کوئی کیونکر اپنے قتل پر خاموش رہ سکتا ہے اگر چہ کہ وہ مردہ نہ ہو، سخاوت مغل نے کہا کہ وہ اپنی صحافتی برداری کے لیے جو بن پائے گا وہ کریں گے اور صحافیوں کے حقوق کی جنگ سب کے ساتھ مل کر لڑیں گے ممبر پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان عامر لطیف بھٹہ نے کہا کہ پاکستان جیسے ممالک میں بدقسمتی سے صحافیوں کی کوئی ویلیو نہیں یہاں پر حق و سچ کی رپورٹنگ کیے جانے پر صحافیوں کے خلاف مقدمات درج کرلیے جاتے ہیں صحافیوں کو سرعام قتل کر دیا جاتا ہے اور قاتل کھلے عام گھومتے رہتے ہیں اور عدالتوں اور دیگر اقتدار کے ایوانوں میں صحافیوں کے تحفظ کے لیے مختلف قانون پاس کیے جاتے ہیں مگر صحافی پھر بھی لاوارث رہتا ہے کیونکہ صحافیوں کے تحفظ اور حقوق صرف باتوں اور تحریروں میں ہی ہیں حقیقت میں ان کا کوئی وجود نہیں اگر وجود تھا تو کیونکر آج تک صحافی آسان ٹارگٹ بنے ہوئے ہیں جس کا جب دل چاہتا ہے صحافی کو اٹھالیتا ہے قتل کردیتا ہے اسکو اور اسکی فیملیز کو دھمکیاں دیں جاتی ہیں اس پر جھوٹے مقدمات قائم کردیے جاتے ہیں احتجاج کے آخر میں شرکا نے حکومت وحکمرانوں کے خلاف شیم شیم کے نعرے لگائے۔

بقیہ 27

کے علاقہ سمندری روڈ پر دو موٹرسائیکل سوار کھڑی ٹریکٹر ٹرالی میں ٹکرانے پر موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے، جن کی شناخت ریحان اور ارسلان کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے لاشیں قبضہ میں لیکر کارروائی شروع کردی

بقیہ 28

لوگوں کا بھی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ وہ اس مشکل وقت میں ہمارے ساتھ کھڑے ہیں۔ جبکہ سابق وزیراعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے فواد چوہدری کے بھائی فیصل چوہدری ایڈووکیٹ کو ٹیلی فون کیا، پرویز الٰہی نے گرفتاری کے حوالے سے بیان پر فواد چوہدری کے اہل خانہ سے معذرت کرتے ہوئے کہا کہ فواد چوہدری اور انکے خاندان سے برسوں پر محیط احترام اور عقیدت کا رشتہ ہے، نادانستہ بیان سے فواد چوہدری اور اہل خانہ کے جذبات مجروح ہونے پر افسوس ہے، فواد چوہدری کی گرفتاری اور جھوٹے پرچے کا اندراج قابل مذمت ہے۔ انکا کہنا تھا کہ اپنے بیان پر معذرت خواہ اور فواد چوہدری اور اہل خانہ سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہوں۔ فیصل چوہدری نے کہا کہ معذرت کرنا آپ کا بڑا پن ہے، چوہدری صاحب ہمیں شرمندہ کر رہے ہیں، آپ بڑے ہیں میں اور میرا خاندان آپ کو بزرگ سمجھتے اور احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ہم بطور خاندان آپ اور آپ کے اہل خانہ کی سلامتی کیلئے دعا گو ہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز سابق وزیراعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے کہا کہ عمران خان کے قریبی چار پانچ لوگوں میں سے ایک تو پکڑا گیا ہے، پہلے پکڑا جاتا تو کام ٹھیک رہتا

بقیہ 29

نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سابق وزیرداخلہ اور عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید سابق صدر آصف علی زرداری پر جھوٹے اور من گھڑت الزامات لگا رہے ہیں۔

بقیہ 30

کس مقدمہ میں اٹھایا گیا ہے۔ بعد ازاں الیکشن کمیشن کے وکیل نے ایف آئی آر پڑھ کر سنائی تو فواد چوہدری کو معلوم ہوا کہ ان پر بغاوت کی دفعات لگائی گئی ہیں۔ حبا چوہدری نے مزید کہا کہ جب بارہ بندے فواد چوہدری کو اٹھانے آئے تو ان کا موبائل فون بھی کھینچ لیا گیا تھا۔ میں نے بھی عدالت میں فواد چوہدری سے موبائل فون کے متعلق پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ موبائل فون لے لیا گیا تھا۔ فواد چوہدری کو اغوا کیا گیا تو ان کا فون آن لائن تھا اور کچھ دوستوں کو ان کے نمبر سے پیغامات بھی موصول ہو رہے تھے۔ فواد چوہدری کا واٹس ایپ استعمال ہوتا رہا۔ قبل ازیں حبا چوہدری نے پرویز الٰہی کی آڈیو لیک پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس نازیبا گفتگو کی مذمت کرتی ہوں، یہ نا قابل قبول ہے کہ پرویز الٰہی فواد چوہدری پر الزام لگائیں کہ ہمیں حکومت کرنے دیں کیونکہ انہوں نے وزیراعلی پنجاب رہنا تھا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ پرویز الٰہی الزام لگا رہے ہیں کہ فواد چوہدری نے اسمبلی تحلیل کروائی ہے، وہ پارٹی پالیسی کے ساتھ نہیں کھڑے، فواد چوہدری کا اس میں اپنا ذاتی مفاد نہیں تھا۔ اگر آج آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ اسمبلی تحلیل نہیں کرنی چاہیے تھی تو آپ تحریک انصاف کے نظریے اور پالیسی کے ساتھ نہیں کھڑے ہوئے۔ حبا فواد نے کہا کہ پرویز الٰہی کی گفتگو سے میرے اور میرے بچوں کے جذبات مجروح ہوئے۔ جس طرح کی پرویز الٰہی نے زبان استعمال کی کیا انہیں اور ان کی عمر کو یہ جچتا ہے، انہوں نے شرمناک رویہ اختیار کیا۔ یاد رہے کہ پرویز الٰہی اس حوالے سے مسلم لیگ ہاؤس میں خطاب کیا تاہم رات گئے انہوں نے اس پر معافی مانگ لی تھی

بقیہ 31

اسمبلی انتخابات کے انعقاد سے متعلق امور زیر بحث لائے گئے۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد جبریل رضا، ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر ایبٹ آباد، ایس پی ہیڈ کوارٹر ایبٹ آباد اور انچارج ریسورس سنٹر نے شرکت کی۔ اجلاس میں آئندہ خیبر پختونخوا اسمبلی کے انتخابات کے حوالہ سے انتظامات سے متعلق حکمت عملی پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں ضلع میں امن وامان کی صورتحال پر تبادلہ خیال سمیت انتظامات کا جائزہ لیا گیا

بقیہ 32

کمیشن کی تشکیل آرٹیکل 218 کے تقاضوں پر پوری نہیں اترتی۔ درخواست میں مزید مؤقف اختیار کیا گیا کہ الیکشن کمیشن اپنی آئینی حیثیت کھو چکا ہے، الیکشن کمیشن کے خلاف مس کنڈکٹ کی کارروائی کی جائے۔ قرار دیا جائے کہ جانبدار الیکشن کمیشن فری اینڈ فیئر الیکشن نہیں کرا سکتا، سپریم کورٹ تمام اسٹیک ہولڈرز کو متحرک کر کے صاف شفاف انتخابات کے انعقاد میں کردار ادا کرے۔ یاد رہے کہ تحریک انصاف نے محسن نقوی کی تعیناتی پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اسے سپریم کورٹ میں چیلنج کرنے کا اعلان کیا جبکہ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے دو روز قبل کہا کہ رجیم چینج میں سب سے بڑا کردار محسن نقوی کا تھا، مجھے حکومت سے سازش کے تحت باہر نکالا تو عوام لاکھوں کی تعداد میں سڑکوں پر نکلے۔ انہوں نے کہا کہ محسن نقوی صاف وشفاف انتخابات کرانے نہیں آئے اور میں جب تک زندہ ہوں ملک کے لیے جدوجہد جاری رکھوں گا۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کا کہنا تھا کہ 26 سال پہلے اپنی جماعت کا نام انصاف کی تحریک رکھا تھا اور جن ممالک میں قانون کی بالادستی ہے وہ خوشحال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج تک جتنی عزت مجھے ملی اتنی کون سے وزیراعظم کو ملی؟ میرے لیے وزارت عظمٰی کی کوئی اہمیت نہیں جبکہ آج قوم ایک بہت خطرناک موڑ پر کھڑی ہے، ظلم اور ناانصافی کے سامنے کھڑے ہونے کا نام جہاد ہے اور اللہ تعالیٰ نے ہم پر جہاد فرض کیا ہوا ہے۔

بقیہ 33

رتھا، لین دین کے تنازعہ پر اشتہاری مجرم شاہد نے فائرنگ کر کے مجاہد کو قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ گزشتہ سال تھانہ صدر واہ میں درج کیا گیا تھا، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، سنگین مقدمات میں ملوث اشتہاری مجرمان کی گرفتاری لواحقین کو انصاف کی فراہمی میں اہم ہے

بقیہ 34

مفاد نہیں تھا، انہوں نے کہا کہ اگر آج آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ اسمبلی تحلیل نہیں کرنی چاہیے تھی تو آپ تحریک انصاف کے نظریے اور پالیسی کے ساتھ نہیں کھڑے۔ حبا فواد نے کہا کہ پرویز الٰہی کی گفتگو سے میرے اور میرے بچوں کے جذبات مجروح ہوئے۔ جس طرح کی پرویز الٰہی نے زبان استعمال کی کیا انہیں اور ان کی عمر کو یہ جچتا ہے، انہوں نے شرمناک رویہ اختیار کیا۔

بقیہ 35

الیکشن کمیشن سے رجوع کرلیا۔ پاکستان تحریک انصاف نے انتقامی کارروائیوں میں ملوث افسروں کی فہرست الیکشن کمیشن میں جمع کرادی، فہرست سینئر وکیل فیصل فرید ایڈووکیٹ کی جانب سے جمع کرائی گئی۔ درخواست میں تحریک انصاف نے انتقامی کارروائیوں میں ملوث افسروں کو پنجاب میں مقرر نہ کرنے کی سفارش کی ہے، فہرست میں ایڈمنسٹریٹو سروسز، پراونشل مینجمنٹ سروسز اور پولیس سروسز کے افسر شامل ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ الیکشن کمیشن جمع کرائی گئی فہرست میں ڈی ایم جی میں نبیل اعوان، کیپٹن ریٹائرڈ عثمان، عمر شیر چٹھہ، بمبر سید، محمد علی رندھاوا، اجمل بھٹی، احمد رضا سرور کے نام شامل ہیں، اس کے علاوہ عامر کریم خان، ڈاکٹر راشد منصور، عامر خٹک اور سید علی مرتضٰی کے نام بھی فہرست میں موجود ہیں جب کہ پولیس سروسز کے سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ، کیپٹن (ر) عثمان انور، کیپٹن (ر) سہیل چوہدری، راؤ سردار علی خان، رضا صفدر کاظمی، ڈاکٹر عابد خان، حافظ عطاالرحمان، بابر سرفراز الپا، سہیل ظفر چٹھہ، رانا ایاز سلیم اور سید علی ناصر رضوی کے نام فہرست میں شامل کیے گئے ہیں

بقیہ 36

رپورٹ کو دیکھتے ہوئے ایف آئی آر کینسل کرنے کا حکم دیتی ہے۔ انکوائری کے دوران منی لانڈرنگ اور ڈالر کی صورت میں رقم کی منتقلی کا کوئی غیر قانونی طریقہ سامنے نہیں آیا۔ تفتیشی افسر نے کہا کہ عدالتی حکم کے مطابق تمام ٹرانزیکشنز ایس ای سی پی کے قانون کے مطابق ہوئی ہیں، جہانگیر ترین اور علی ترین پر لگائے گئے الزامات اور دفعات درست نہیں۔ قبل ازیں بتایا گیا تھا کہ وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے تحریک انصاف کے سابق رہنما جہانگیر خان ترین اور ان کے بیٹے پر بننے والے منی لانڈرنگ کیس کو ختم کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق ایف آئی اے نے اس سلسلے میں وزارت داخلہ سے جواب مانگ لیا ہے، ایف آئی اے حکام کی جانب سے لائحہ عمل تیار کرلیا گیا۔ ایف آئی اے کہ مطابق جہانگیر ترین اور علی ترین پر منی لانڈرنگ ثابت نہیں ہوئی۔ خیال رہے کہ ایف آئی کی جانب سے جہانگیر ترین اور علی ترین پر 7 ارب روپے منی لاں ڈرنگ کا مقدمہ درج کیا گیا تھا جبکہ ایف آئی اے وزارت داخلہ کی طرف سے احکام موصول ہوتے ہی بہت جلد اخراج مقدمہ کے لیے متعلقہ مجسٹریٹ سے رجوع کیا جائے گا۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) جہانگیر ترین اور ان کے بیٹے علی ترین کے کیسز میں منی ٹریل سے متعلق شواہد تلاش کرتی رہی۔ جہانگیر ترین کو چینی اسکینڈل کے 3 مقدمات میں 5 ارب روپے کی منی لانڈرنگ اور دھوکادہی کے الزامات کا سامنا تھا

بقیہ 37

تفتیش کے مطابق گاڑی میں لیپ ٹاپ سمیت آنے والے تین افراد نے واردات کی۔ کارروائی کے دوران کوئی توڑ پھوڑ نہیں کی گئی اور چوکیدار بینک کے اندر سوتا رہا پولیس کا کہنا تھا کہ کیس میں ایف ائی اے اور سائبر کرائمز ماہرین کی خدمات حاصل کی جارہی ہیں۔ واضح رہے کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بھی پولیس نے اے ٹی ایم مشینوں کی ہارڈ ڈسک اور ڈی وی آر چوری کرنے والا ملزم گرفتار کیا تھا۔ ملزم اے ٹی ایم کی ہارڈ ڈسک میں موجود ڈیٹا کی مدد سے لوگوں کی رقم نکالتا تھا، پولیس کا کہنا تھا کہ ملزم سے 20 ہارڈ ڈسک اور 15 ڈی وی آر برآمد کیے گئے تھے۔

بقیہ 38

روکنے کی درخواست پر وفاقی اور پنجاب حکومت کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔ جسٹس عاصم حفیظ نے لاہور کے مقامی شہری خضر قریشی کی درخواست پر ابتدائی سماعت کی۔ عدالت نے درخواست میں دیگر متعلقہ فریقین کو بھی فریق بنانیکی ہدایت کر دی۔ درخواست گزار نے استدعا کی عدالت 18 سال سے کم عمر افراد کو سگریٹ اور ویپس کی فروخت روکنے کا حکم دے

بقیہ 39

کوہتھ کڑیاں لگانا اور جیلوں میں ڈالنا عمران خان کا کام تھا، ہمیں یہ کام نہیں کرنا چاہیئے۔ ہماری جماعت کو کم ازکم ان کاموں سے بالا ہونا چاہیئے۔ سیاست ہم نے دشمنی اور نفرت میں بدل دی ہے، مسلم لیگ ن کو اس میں شامل نہیں ہونا چاہیئے۔ عمران خان نے جو کچھ کیا، فواد چوہدری اس کا دفاع کرتے تھے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ ان کے ساتھ اس قسم کا سلوک کیا جائے۔ جب کہ ملک کے معروف قانون دان اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء چوہدری اعتزاز احسن نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن ریاستی ادارہ نہیں نہ ہی بغاوت کا مقدمہ کرسکتا ہے۔ فواد چوہدری کے معاملے پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چہرہ ان کا چھپایا جاتا ہے جس کی شناخت پریڈ ہونی ہوتی ہے، فواد چودھری کا چہرہ جس مصلحت کے تحت بھی چھپایا گیا افسوس ناک ہے اور عدالت میں سیاسی شخصیت کو چہرہ ڈھانپ کر پیش کرنا انسانیت کی تذلیل ہے جب کہ فواد چودھری سیاسی شخصیت کے ساتھ وکیل بھی ہیں اور ان کی ایک شناخت ہے

بقیہ 40

کاروں کو بھی گرفتار کیا جائے گا، ایس پی صدر بلال محمود سلہری نے صدر بیرونی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا

بقیہ 41

ے 515 گرام چرس، دھمیال پولیس نے ملزم شریف گل سے 550 گرام چرس، روات پولیس نے ملزم سجاد سے 15 لیٹر شراب، کہوٹہ پولیس نے ملزم گلفراز سے 20 لیٹر شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان کا کہنا تھا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیوں میں مزید تیزی لائی جائے گی

بقیہ 42

چڑھائے اور شہدا کے بلند درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ اپنے خطاب میں ڈی پی او نے کہا کہ علاقے میں امن وامان برقرار رکھنا منشیات فروشوں وسمگلروں کا صفایا کرنا، فورس کا انفراسٹرکچر، شہیدا کے ورثا کے ویلفیئر اور علاقے میں جاری تنازعات کو باہمی رضامندی سے جرگہ ممبران کے ساتھ مل کر پرامن طریقے سے حل کرنا اولین ترجیحات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی مشران عمائدین کو ساتھ لے کر چلے گیا اور عوام کی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائیگی ہم نے ایک ٹیم بن کر عوام کی خدمت کرنی ہیں۔ انہوں نے ماتحت پولیس عملے کو ہدایت کی کہ وہ عوام کی عزت ونفس کا خاص خیال رکھیں اور انکے شکایت کا بروقت ازالہ کیا جائے

بقیہ 43

جس میں انتخابات اور امن وامان کی صورتحال پر بحث کی گئی۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد اعظم خان نے 15 رکنی نگران وزراء کے حلف اٹھانے پر کابینہ اراکین کو مبارکباد دی۔ نگران وزیر اعلی نے کابینہ اراکین کے علاوہ دیگر اہم شخصیات سے بھی ملاقات کی جس میں اہم امور پر غور کیا گیا

بقیہ 44

نہ آئی ہے اور اس کو کسی نے ورغلا پھسلا کر اغوا کیا ہے مقدمہ کے اندراج کے بعد پولیس نے تلاش جاری رکھی، سندھ اور وزیرستان تک تفتیش کا دائرہ وسیع کیا گیا راشد علی حسنین ASI متعینہ پولیس چوکی قاضیاں نے ٹیم کے ہمراہ ضلع ننکانہ صاحب سے مغویہ کو بازیاب کرالیا اغوا کار طارق شاہ نامی ملزم کو مقدمہ میں حسب ضابطہ گرفتار کر لیا گیا ہے جس سے تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 45

میں ڈکیتی کی واردات کے بعد پولیس میں شکایت درج کروائی۔ پولٹری فارم کے مالک کے مطابق ڈاکو 3 شہزور ویگنوں، 2 موٹرسائیکلوں پر سوار ہو کر آئے اور پولٹری فارم سے پانچ ہزار مرغیاں لے کر فرار ہوگئے۔ پولیس کو دیئے گئے بیان کے مطابق ڈکیتی کرنے والے نقاب پوش ڈاکوؤں کی تعداد بارہ تھی جنہوں نے پولٹری فارم پر آکر سب کو واش روم میں بند کر دیا اور مرغیاں لے کر فرار ہو گئے۔ پولٹری فارم ملک کی جانب سے شکایت کے اندراج کے بعد پولیس نے کاروائی کا آغاز کردیا۔ تاحال ملزمان نہیں پکڑے جا سکے۔ گذشتہ ہفتے بھی واہ کینٹ کے علاقے اور تھانہ صدر کی حدود میں ڈکیتی کی ایک انتہائی انوکھی واردات ہوئی جس میں ایک مسلح لڑکی دکاندار کو لوٹ کر اپنے ساتھی کے ساتھ فرار ہوگئی۔ پولیس کے مطابق مسلح لڑکی ایک لڑکے کے ساتھ خریداری کے بہانے دکان میں داخل ہوئی اور پستول دکھا کر دکان دار کو لوٹ لیا۔ لڑکی نے دکان دار سے موبائل فون، بسکٹ، دودھ، 7 ہزار روپے نقد لوٹ لیے اور ساتھی ڈاکو کے ساتھ موٹرسائیکل پر فرار ہوگئی۔ ڈکیتی کا واقعہ واہ ماڈل ٹاؤن میں پیش آیا۔ تھانہ صدر واہ کینٹ پولیس نے ڈکیتی کے واقعے کی ایف آئی آر درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے۔ پولیس تاحال ملزمان کو گرفتار نہیں کرسکی

بقیہ 46

سے منتخب بی ڈی ممبران و مسلم لیگ ن کے زعمانے کثیر تعداد میں شرکت کی، شرکا اجلاس نے مشترکہ طور پر یہ اعلامیہ جاری کیا کہ آج کے بعد مسلم لیگ ن یونین کونسل ٹائیں آئندہ ہر فورم پر مخالفین کو بھرپور جواب دے گی، آئندہ ہمارے کسی کارکن کے خلاف غلط پروپیگنڈا کیا گیا تو اس کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا جھوٹے الزامات لگا کر مسلم لیگ ن کے کسی کارکن کو ہراساں کرنے کی کوشش کی گئی تو قانونی ماہرین کی مشاورت سے بھرپور قانونی کاروائی کریں گے، قانونی ورابطہ کمیٹیوں کا قیام عمل میں لایا گیا جن کے مطابق قانونی مشاورت وتگ ودو کے لئے نومنتخب ڈسٹرکٹ کونسلر راجہ یاسر اقبال کی سربراہی میں، راجہ اعجاز، راجہ احتشام مطلوب، راجہ غلام دستگیر و محبوب کھوکھر شامل جبکہ رابطہ کمیٹی میں صوبیدار اقبال، راجہ اقبال، ڈاکٹر سخی ولایت، راجہ محبوب، قاری محفوظ اور راشد بشیر شامل ہیں

بقیہ 47

جانب سے جاری کردہ تازہ ترین اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 4 ہزار 414 کورونا ٹیسٹ کیئے گئے جن میں سے 14 افراد کے کورونا ٹیسٹ مثبت آئے۔ اس طرح گزشتہ 24 گھنٹوں میں کیئے گئے کورونا کے مثبت کیسز کی شرح 0.32 فیصد رہی، مزید برآں اس دوران کورونا وائرس سے کوئی بھی مریض جاں بحق نہیں ہوا جبکہ 10 مریضوں کی حالت نازک ہے

بقیہ 48

مقدمہ قائم کر رکھا ہے۔ سابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کے اہلخانہ کی ٹیکس معلومات لیک ہونے پر 2 افسران برطرف کیے گئے تھے۔ سابق آرمی چیف کے اہلخانہ کی ٹیکس معلومات لیک ہونے پر ایف بی آر کی تحقیقات جاری ہیں۔ معاون خصوصی محصولات طارق پاشانے رپورٹ وزیر خزانہ اسحاق ڈار کے حوالے کی۔

بقیہ 49

کے ویژن کے مطابق شہریوں کی شکایات کے بروقت ازالے کو یقینی بنایا جائے گا، اس حوالے سے کسی قسم کی غفلت و لاپرواہی قطعی برداشت نہیں کی جائے گی، راولپنڈی پولیس شہریوں کے تحفظ، خدمات کی فراہمی اور بہترین سروس ڈیلیوری کو یقینی بنانے کے لیے تمام اقدامات اٹھا رہی ہے۔

بقیہ 50

کی تجدید، دوبارہ متعارف اور جاندار بنانا ہے۔ سیشن میں ڈاکٹر جبمز نے چینل کی منتقلی، مستقبل کے بیراجوں اور ان کے آپریشنل مخنی خطوط، دریا کے ماحولیاتی نظام، سیلاب کے میدانی انتظام اور پانی کے انتظام کے لیے غیر ساختی اقدامات کے بارے میں سوالات پوچھے جس پر محسن عتیق نے ان تصورات کی وضاحت کی کہ RUDA کے ماسٹر پلان میں پہلے سے ہی شامل ہیں۔ انہوں نے واضح طور پر وضاحت کی کہ تمام خدشات پر پہلے سے تحقیق کی گئی ہے اور ان کو شامل کیا گیا ہے، بلکہ مختلف آپریشنل منظرناموں کی ماڈلنگ اور تعمیر کے ذریعے ہر وقت تکنیکی تبدیلی اور تصحیح کی جارہی ہے۔ سی ای او عمران امین نے گفتگو میں اضافہ کرتے ہوئے تبصرہ کیا کہ شہری ترقی دوسرا اصول ہے، پہلا ماحولیات اور ماحولیات کی بحالی اسی لیے RUDA ایکٹ اور 2016 کے پنجاب فلڈ پلینز ریگولیشنز کا مقصد ایک ہی رفتار ہے۔ انہوں نے کہا کہ RUDA راوی کے سماجی و ہائیڈرولوجی کا جواب ہے جہاں وقت کے ساتھ ساتھ RUDA کے اپنے CSR فنڈز سے تقریبا 1 لاکھ کم لاگت والے مکانات تعمیر کیے جائیں گے۔ یہ امیروں کے لیے شہر نہیں بنے گا، بلکہ یہاں پر اوسط امدن والے لوگ بھی زندگی کی اعلی سہولیات کو حاصل کرسکیں گے انہوں نے مزید کہا کہ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ، کچرے کو ٹھکانے لگانے اور جنگلات لگانے کے ذریعے تبدیلی لائی جائے گی۔ تمام ترقیات اور ماحولیاتی اختراعات کا ماڈل محض ٹیکنالوجی کے بجائے کارکردگی پر مبنی ہوگا۔ دوران سیشن ڈاکٹر جبمز نے RUDA کے ماسٹر پلان کے بارے میں اشارہ کرتے ہوئے سیلاب کے انتظام کے طریقہ کار کے بارے میں پوچھا۔ سی ای او نے ماسٹر پلان کے خلاف RUDA کے علاقے کی مکمل جیومورفولوجی کے ساتھ جوڑ کر اس کی وضاحت کی اور تبصرہ کیا کہ تمام مطالعات کے باوجود، منصوبوں کی کرسٹلائزیشن، اب بھی ماسٹر پلان ان تبدیلیوں کے لیے لچکدار ہے ڈاکٹر جبمز نے RUDA کے ماہرین کی جانب سے مختلف مطالعات کے ذریعے سب سے چھوٹی تفصیلات پر کام کرنے کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے سی ای او عمران امین کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے انہیں دنیا کے سب سے بڑے ریورفرنٹ پروجیکٹ کا جائزہ لینے کا موقع فراہم کیا۔ انہوں نے اپنی تکنیکی مہارت اور رہنمائی بھی پیش کی جب بھی اس کی درخواست کی گئی۔ آخر میں، سی ای او عمران امین نے یقین دلایا کہ اس منصوبے کو کامیاب بنانے کے لیے تمام تر اقدامات کیے جائیں گے کیونکہ لاہور کو مستقبل کے پانی، ماحولیاتی اور ماحولیاتی وعدوں سے محفوظ رکھنے کے لیے اس کے علاوہ کوئی دوسرا آپشن نہیں بچا ہے۔

بقیہ 51

کو اطلاع ملی کہ جرائم پیشہ عناصر اسلحہ کی نمائش کر کے علاقہ میں خوف وہراس پھیلا رہے ہیں، وارث خان پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کرنے والے 08 ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں قاسم، محمد شہزاد، محمد اویس، انجم، آکاش، محمد علی، محمد تحسین اور نعمان شامل ہیں، ملزمان سے 01 کلاشنکوف، 01 رائفل 12 بور، 06 پسٹل اور گولیاں و کارتوس برآمد ہوئے، ملزمان سابقہ ریکارڈ یافتہ ہیں جنکے خلاف چند روز قبل ایک گھر پر فائرنگ کا مقدمہ بھی درج ہے، ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے ریڈز کیے جارہے ہیں، سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کا کہنا تھا کہ منشیات فروشی، جرائم پیشہ عناصر اور اسلحہ کی نمائش جیسے جرائم پر زیرو ٹالرنس پالیسی ہے، شہریوں میں خوف وہراس پھیلانے والے عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا

بقیہ 52

کہا کہ راجہ پرویز اشرف نے راجہ ریاض کو مصنوعی اپوزیشن لیڈر بنایا، الیکشن کمیشن نے متنازع شخص کو نگران وزیراعلی پنجاب بنا دیا، آرٹیکل 105 کی خلاف ورزی ہو رہی ہے اور گورنر الیکشن کا اعلان نہیں کررہا۔ اس وقت ملکی سلامتی خطرے میں ہے، 9 ماہ میں سیاسی اور معاشی طور پر ملک کی اینٹ سے اینٹ بجا دی گئی، عدلیہ سے درخواست ہے کہ آئین کی صحیح تشریح کرے، عدالت نے اقدامات کو کالعدم قرار دے جو آئین کے منافی ہیں۔ قبل ازیں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے کہا کہ پاکستان میں خوف کا ماحول پیدا کیا جارہا ہے، کچھ لوگوں کا خیال ہے خوف کا ماحول پیدا کر کے خود کو تسلیم کرالیں گے تو غلط ہے۔ فواد چودھری کا ایف آئی آر ریمانڈ دینا ثابت کرتا ہے کہ غلط ہو رہا ہے، پاکستان میں انصاف نہیں جنگل کا قانون ہے، پاکستان میں خوف کا ماحول پیدا کیا جارہا ہے۔ عمران خان نے کہا کہ لوگ اس فسطائیت کیخلاف کھڑے ہونے کیلئے زیادہ پرعزم ہیں، انصاف کیلئے فاشسٹ قوتوں سے لڑنے کے لیے تیار ہیں۔

بقیہ 53

بس سٹینڈ منتقل اور ان کا ریکارڈ مرتب کیا گیا۔ اینٹی بیگری سکواڈ نے مختلف شاہرات، ٹریفک سگنلز اور بعض عوامی مقامات پر آپریشن کیا اور پیشہ ور بھکاریوں کو پکڑا جن میں 10 مرد اور 17 خواتین بھکارن شامل ہیں

بقیہ 54

شیخ نے زیر تعمیر اسسٹنٹ کمشنر آفس کا بھی دورہ کیا اور عمارت کی تعمیراتی پیشرفت پر بریفنگ لیتے ہوئے تعمیراتی معیار کو یقینی بنانے اور پراجیکٹ کو تیزی سے مکمل کرنے کا حکم دیا۔

بقیہ 55

اور (II) کے مختلف حصے اور دستیاب مشینری دیکھی۔ انہوں نے زیر علاج مریضوں کی عیادت بھی کی۔ انہوں نے سی سی یو II کے قیام میں وسائل فراہم کرنے والے مخیر افراد کی کاوشوں کو سراہا اور کہا کہ مریضوں کو کم خرچ میں معیاری علاج کی فراہمی کے لئے سہولیات فراہم کرنے میں فیصل آباد کے مخیر حضرات کا کوئی ثانی نہیں جو ہر شعبہ میں ہاتھ بٹا رہے ہیں۔ ماہر امراض قلب نے بتایا کہ مجموعی طور پر دونوں یونٹ میں 26 بیڈز مکمل فنکشنل اور دل کے عارضہ میں مبتلا مریضوں کو جدید طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کمشنر کو مریضوں کے علاج معالجہ کی تفصیلات سے بھی آگاہ کیا

بقیہ 56

کی مشترکہ کاروائی، آٹے سے لدی گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 1180 تھیلے آٹا برآمد تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کاروائی کرتے ہوئے آٹے سے لدی گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی، ڈرائیور گل زیب کو گرفتار کر کے 1180 تھیلے آٹا برآمد کیا، ایس پی پوٹھوہار کا کہنا تھا کہ غیر قانونی گندم اور آٹے کی ترسیل کرنے والوں کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ 57

اور پرنٹ فیچر شائع کرینگے۔

بقیہ 58

خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا

بقیہ 59

پولیس نے ملزم عدنان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ کرنے والوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 60

کیا جائے گا جس سے مقررین خطاب کریں گے جبکہ مرحوم کی روح کو ایصال ثواب پہنچانے کیلئے قرآن خوانی بھی کی جائیگی پاکستان کا نام تجویز کرنے والے چوہدری رحمت علی 3 فروری 1951 کو انتقال کرگئے تھے

الیکشن کمیشن کا انتخابی ضابطہ اخلاق پر سیاسی جماعتوں سے مشاورت کا فیصلہ

21 بڑی سیاسی جماعتوں کے سربراہوں کو 2 فروری کو مدعو کر لیا گیا، دعوت نامے بھی ارسال

درخواست میں تحریک انصاف نے انتقامی کارروائیوں میں ملوث افسروں کو پنجاب میں مقرر نہ کرنے کی سفارش کی ہے

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) الیکشن کمیشن نے انتخابی ضابطہ اخلاق پر سیاسی جماعتوں سے مشاورت کا فیصلہ کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن نے انتخابی ضابطہ اخلاق پر 21 بڑی سیاسی جماعتوں کے سربراہوں کو 2 فروری کو مدعو کر لیا ہے، الیکشن کمیشن ضابطہ اخلاق پر سیاسی جماعتوں سے مشاورت اور تجاویز مانگے گا۔ چیف الیکشن کمشنر کی زیر صدارت اجلاس 2 فروری کو ہوگا، پی ٹی آئی، مسلم لیگ ن، پیپلز پارٹی، ایم ایم اے اور ایم کیو ایم کو دعوت نامے ارسال کر دیئے گئے۔ اس کے علاوہ مسلم لیگ ق، بی اے پی، اے این پی، پی کے میپ اور جی ڈی اے کو بھی دعوت نامے ارسال کئے گئے ہیں۔ دوسری جانب تحریک انصاف نے انتقامی کارروائیوں میں ملوث افسران کے خلاف اہم اقدام اٹھاتے ہوئے آئی جی پنجاب سمیت دیگر افسران کی تعیناتی کے خلاف (بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی تقرری سپریم کورٹ میں چیلنج

درخوست میں استدعا کی گئی کہ محسن نقوی کا نگران وزیر اعلیٰ تعیناتی کا نوٹیفکیشن غیر آئینی قرار دیا جائے

ظلم اور ناانصافی کے سامنے کھڑے ہونے کا نام جہاد ہے اور اللہ تعالیٰ نے ہم پر جہاد فرض کیا ہوا ہے

اسلام آباد (خبر نگار) تحریک انصاف نے نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی تقرری سپریم کورٹ میں چیلنج کردی۔ پی ٹی آئی نے بطور سیاسی جماعت اور اسد عمر نے بطور سیکرٹری درخواست دائر کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پی ٹی آئی نے درخواست میں محسن نقوی کو بطور نگران وزیر اعلیٰ کام سے روکنے کی استدعا کی ہے۔ درخوست میں استدعا کی گئی کہ محسن نقوی کا نگران وزیر اعلیٰ تعیناتی کا نوٹیفکیشن غیر آئینی قرار دیا جائے۔ اس کے علاوہ پی ٹی آئی نے راجہ ریاض کو اپوزیشن لیڈر بنانے کا نوٹیفکیشن بھی چیلنج کر دیا ہے جبکہ درخواست میں تحریک انصاف نے الیکشن کمیشن ممبر بابر حسن بھروانہ اور اکرام اللہ خان کی تعیناتی بھی غیر آئینی قرار دینے کی استدعا کی ہے۔ درخواست میں کہا گیا کہ الیکشن کمیشن جانبدار ہے اور آئینی ذمہ داری پوری کرنے میں ناکام رہا، الیکشن (بقیہ نمبر 32)

لاہور: عوام کو ہر محکمے کی طرف سے ریلیف ملتا نظر آنا چاہیے، محسن نقوی

فواد چوہدری کی اہلیہ کا پرویز الٰہی کی آڈیو لیک پر ردعمل

پرویز الٰہی کی گفتگو سے میرے اور میرے بچوں کے جذبات مجروح ہوئے

جس طرح کی پرویز الٰہی نے زبان استعمال کی کیا انہیں اوران کی عمر کو یہ جچتا ہے، حبا فواد

لاہور (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری کی اہلیہ حبا فواد نے سابق وزیر اعلی پرویز الٰہی کی آڈیو لیک پر ردعمل دے دیا۔ انہوں نے نجی ٹی وی سے گفتگو میں کہا کہ اس نازیبا گفتگو کی مذمت کرتی ہوں۔ یہ ناقابل قبول ہے کہ پرویز الٰہی فواد چوہدری پر الزام لگائیں کہ ہمیں حکومت کرنے دیں کیونکہ انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب رہنا ہے۔ پرویز الٰہی الزام لگا رہے ہیں کہ فواد چوہدری نے اسمبلی تحلیل کروائی ہے، وہ پارٹی پالیسی کے ساتھ نہیں کھڑے، فواد چوہدری کا اس میں اپنا ذاتی (بقیہ نمبر 34)

اپنے سالے کو فائرنگ کر کے قتل کرنے والا اشتہاری مجرم گرفتار

مجرم شاہد کا اپنے سالے مجاہد خان کے ساتھ دودھ دہی کا مشترکہ کاروبار تھا

اشتہاری مجرم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، ایس پی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) صدرواہ پولیس کی موثر کاروائی، اپنے سالے کو فائرنگ کر کے قتل کرنے والا اشتہاری مجرم گرفتار، اشتہاری مجرم شاہد کا اپنے سالے مجاہد خان کے ساتھ دودھ دہی کا مشترکہ کاروبار تھا، لین دین کے تنازعہ پر اشتہاری مجرم نے فائرنگ کر کے مجاہد کو قتل کر دیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق صدرواہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے اپنے سالے کو فائرنگ کر کے قتل کرنے والے اشتہاری مجرم شاہد کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم کا اپنے سالے مجاہد خان کے ساتھ دودھ دہی کا مشترکہ کاروبا (بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد: فواد چودھری کی ضمانت کی درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری

تھانہ چکری کے علاقہ کولیاں حمید اور گردونواح میں سرچ آپریشن

سرچ آپریشن میں 50 افراد، 03 ہوٹل، 10 دوکانوں کی چیکنگ کی گئی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) تھانہ چکری کے علاقہ کولیاں حمید اور گردونواح میں سرچ آپریشن، سرچ آپریشن میں گھروں، دوکانوں، ہوٹل اور افراد کی چیکنگ۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ چکری کے علاقہ کولیاں حمید اور گردونواح میں سرچ آپریشن کیا گیا، سرچ آپریشن میں 50 افراد، 03 ہوٹل، 10 دوکانوں کی چیکنگ کی گئی، ایس پی صدر بلال محمود سلہری کا کہنا تھا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کرنا ہے، نیشنل ایکشن پلان کے تحت سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری رہے گا۔

جہانگیر ترین اور بیٹے علی ترین کو ایف آئی اے سے بڑا ریلیف مل گیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سابق رہنما جہانگیر ترین اور ان کے بیٹے علی ترین کو ایف آئی اے سے بڑا ریلیف مل گیا۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے نے جہانگیر ترین اور علی ترین کے خلاف مقدمہ خارج کرتے ہوئے کہا کہ ایف آئی اے کا عدالتی حکم کے بعد باقاعدہ طور پر جہانگیر ترین کا مقدمہ داخل دفتر کر دیا جائے۔ عدالت آئی او کی (بقیہ نمبر 36)

مفتاح اسماعیل نے بھی فواد چوہدری کی گرفتاری کی مذمت کردی

فواد چوہدری کو نوٹس دینا چاہیے تھا، گرفتار اور ہتھکڑیاں نہیں لگانی چاہیے تھیں

اس قسم کی زبان استعمال نہیں ہونی چاہیے اور اس قسم کی دھمکیاں نہیں دینی چاہیئے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) مسلم لیگ ن کے رہنما اور سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے بھی پی ٹی آئی رہنما فواد چوہدری کی گرفتاری کی مذمت کردی۔ مفتاح اسماعیل نے کہا کہ عمران خان نے بغیر کسی الزام کے ہمیں کئی ماہ جیل میں رکھ کر غلط کیا کیونکہ ہم نے ان کی مخالفت کی تھی۔ مفتاح اسماعیل نے کہا کہ فواد چوہدری کا الیکشن کمیشن حکام اوران کے اہل خانہ کو دھمکیاں دینا بھی غلط تھا۔ مفتاح اسماعیل نے کہا کہ فواد چوہدری کو نوٹس دینا چاہیے تھا، گرفتار اور ہتھکڑیاں نہیں لگانی چاہیے تھیں۔ اس سے قبل سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی نے بھی فواد چوہدری کی گرفتاری کی مذمت کی۔ انہوں نے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فواد چوہدری کو گرفتار نہیں کیا جانا چاہیے تھا۔ جو کچھ فواد چوہدری نے کیا اس کا بھی دفاع نہیں کیا جاسکتا۔ اس قسم کی زبان استعمال نہیں ہونی چاہیے اور اس قسم کی دھمکیاں نہیں دینی چاہیے، قانون میں لچک بھی ہوتی ہے۔ فواد چوہدری کے خلاف مقدمہ درج کرلیا جاتا اور وہ اس کا سامنا کر لیتے۔ سیاسی لوگوں (بقیہ نمبر 39)

سلیم عباس کلاچی نے اپنے عہدے کا چارج سنبھالیا

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) باڑہ نو تعینات ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خیبر سلیم عباس کلاچی نے اپنے عہدے کا چارج سنبھالیا۔ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ اس موقع پر ایس پی انویسٹیگیشن اسلم نواز ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر محمد نواز تھانہ جات کے ایس ایچ اوز نے ڈی پی او کو خوش آمدید کہا۔ ڈی پی او نے یادگار شہدا پر حاضری دی، پھول (بقیہ نمبر 42)

نگران وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی کابینہ اراکین سے ملاقات

نگران وزیر اعلیٰ نے کابینہ اراکین کے علاوہ دیگر اہم شخصیات سے بھی ملاقات کی

پشاور (جنرل رپورٹر) نگران وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد اعظم خان نے وزیر اعلیٰ ہاؤس میں کابینہ اراکین سے ملاقات کی جس میں انتخابات اور امن و امان کی صورتحال پر بحث کی گئی۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد اعظم خان نے 15 رکنی نگران وزرا کے حلف اٹھانے پر کابینہ اراکین کو مبارکباد دی۔ نگران وزیر اعلیٰ نے کابینہ اراکین کے علاوہ دیگر اہم شخصیات سے بھی ملاقات کی جس میں اہم امور پر غور کیا گیا۔ نگران وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد اعظم خان نے وزیر اعلیٰ ہاؤس میں کابینہ اراکین سے ملاقات کی (بقیہ نمبر 43)

شہری کی اے ٹی ایم ہیک کر کے کیش نکالنے کی کوشش

ڈولفن سکواڈ نے پی آئی اے روڈ پر اے ٹی ایم ہیک کرنے کی کوشش کو ناکام بنا دیا

گرفتار ملزم کے قبضے سے ہیکنگ ڈیوائس اور مخصوص ٹول برآمد، ترجمان ڈولفن

لاہور (نیوز رپورٹر) لاہور میں اے ٹی ایم ہیک کر کے کیش نکالنے کی کوشش کرنے والا ملزم پکڑا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جوہر ٹاؤن ڈولفن سکواڈ نے ہیکرز کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے اے ٹی ایم ہیکر کو حراست میں لے لیا۔ ڈولفن سکواڈ نے پی آئی اے روڈ پر اے ٹی ایم ہیک کرنے کی کوشش کو ناکام بناتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ملزم اے ٹی ایم ہیک کر کے کیش نکالنے کی کوشش کر رہا تھا۔ اس حوالے سے ترجمان ڈولفن نے بتایا ہے کہ گرفتار ملزم کے قبضے سے ہیکنگ ڈیوائس اور مخصوص ٹول برآمد کر لئے گئے ہیں۔ ملزم کو مزید تفتیش کے لیے تھانے منتقل کر دیا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈولفن سکواڈ چاک و چوبند، مستعدی کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ اس قبل پشاور میں اپنی نوعیت کی پہلی واردات ہوئی تھی جس میں ملزمان نے لیپ ٹاپ استعمال کرتے ہوئے بینک کی اے ٹی ایم مشین سے 33 لاکھ روپے چوری کر لیے تھے 3۔ نامعلوم افراد اے ٹی ایم مشین توڑے بغیر 33 لاکھ روپے نکال کرلے گئے تھے۔ بینک منیجر کی رپورٹ پر پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کی۔ ابتدائی (بقیہ نمبر 37)

لاہور ہائیکورٹ کا نابالغوں کو سگریٹ کی فروخت نہ کرنے کی درخواست پر جواب طلب

لاہور (نیوز رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے نابالغوں کو سگریٹ کی فروخت روکنے کی درخواست پر وفاقی اور پنجاب حکومت کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔ جسٹس عاصم حفیظ نے لاہور کے مقامی شہری خضر قریشی کی درخواست پر ابتدائی سماعت کی۔ عدالت نے درخواست میں دیگر متعلقہ فریقین کو بھی فریق بنانے کی ہدایت کردی۔ درخواست گزار نے استدعا کی عدالت 18 سال سے کم عمر افراد کو سگریٹ اور ویپس کی فروخت روکنے کا حکم دے۔ لاہور ہائیکورٹ نے نابالغوں کو سگریٹ کی فروخت (بقیہ نمبر 38)

صدر بیرونی پولیس کی کاروائی موٹر سائیکل چوری کی واردات میں ملوث 02 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) صدر بیرونی پولیس کی کاروائی، موٹر سائیکل چوری کی واردات میں ملوث 02 ملزمان گرفتار، مسروقہ موٹر سائیکل برآمد۔ تفصیلات کے مطابق صدر بیرونی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی واردات میں ملوث 02 ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں روحیل اور قمر شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد ہوا، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزمان کے دیگر سہولت (بقیہ نمبر 40)

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں، 07 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں، 07 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے ملزم حمزہ سے 540 گرام چرس، آرائے بازار پولیس نے ملزم جمشید سے 260 گرام چرس، مورگاہ پولیس نے ملزم عثمان سے 130 گرام چرس، صدرواہ پولیس نے ملزم احسان اللہ س (بقیہ نمبر 41)

پولیس چوکی قاضیاں کی کاروائی 2 ماہ قبل اغوا ہونے والی لڑکی بازیاب

ضلع ننکانہ صاحب سے 17 سالہ مغویہ بازیاب ملزم گرفتار ایس پی صدر بلال محمود سلہری کی پولیس ٹیم کو شاباش

مدعی نے موقف اختیار کیا تھا کہ اس کی 16/17 سالہ بیٹی گھر سے شاپنگ کیلیے یکم دسمبر 2022 کو حبیب چوک گئی جو گھر واپس نہ آئی ہے

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق دو ماہ قبل پولیس چوکی قاضیاں تھانہ گوجر خان کی حدود سے اغوا ہونے والی مغویہ کو پولیس تھانہ گوجر خان نے ننکانہ صاحب سے بازیاب کروالیا پولیس چوکی قاضیاں کی اس کاروائی پر ایس پی صدر بلال محمود سلہری نے انکی کارکردگی کو سراہا اور شاباش دی پولیس چوکی قاضیاں تھانہ گوجر خان نے کارروائی کرتے ہوئے ضلع ننکانہ صاحب سے مغویہ کو بازیاب کروا کے ملزم کو گرفتار کرلیا مقدمہ بجرم 365/B تھانہ گوجر خان میں قاضیاں کے رہائشی مدعی نے موقف اختیار کیا تھا کہ اس کی 16/17 سالہ بیٹی گھر سے شاپنگ کیلیے یکم دسمبر 2022 کو حبیب چوک گئی جو گھر واپس (بقیہ نمبر 44)

گوجر خان: پولیس چوکی قاضیاں حدود سے اغوا ہونے والی لڑکی کو بازیاب کروالیا گیا

کورونا، مزید 14 کیسز رپورٹ، 10 مریضوں کی حالت تشویشناک

مثبت کیسز کی شرح 0.32 فیصد رہی، کوئی مریض جاں بحق نہیں ہوا، این آئی ایچ

اسلام آباد (خبر نگار) مہلک عالمی وبا کورونا وائرس کے باعث ملک بھر میں 14 نئے کیسز رپورٹ ہوئے، 10 مریضوں کی حالت نازک ہے۔ قومی ادارہ برائے صحت (این آئی ایچ) کی جانب سے جاری کردہ تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 4 ہزار 414 کورونا ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 14 افراد کے کورونا ٹیسٹ مثبت آئے۔ اس طرح گزشتہ 24 گھنٹوں میں کیے گئے کورونا کے مثبت کیسز کی شرح 0.32 فیصد رہی، مزید برآں اس دوران کورونا وائرس سے کوئی بھی مریض جاں بحق نہیں ہوا جبکہ 10 مریضوں کی حالت نازک ہے۔ قومی ادارہ برائے صحت (این آئی ایچ) کی (بقیہ نمبر 47)

راولپنڈی میں ڈاکو 5000 مرغیاں لے کر فرار ہو گئے

12 نقاب پوش ڈاکوؤں نے پولٹری فارم پر آ کر سب کو واش روم میں بند کر دیا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی میں ڈاکو 5000 مرغیاں لے کر فرار ہو گئے۔ 12 نقاب پوش ڈاکوؤں نے پولٹری فارم پر آ کر سب کو واش روم میں بند کر دیا اور مرغیاں لے کر فرار ہو گئے۔ رپورٹ کے مطابق راولپنڈی میں ڈکیتی کی انتہائی انوکھی واردات پیش آئی ہے جہاں پر پولٹری فارم پر ڈاکو 5000 مرغیاں لے کر فرار ہو گئے۔ پولٹری مالک نے تھانہ جاتلی کے علاقے ٹمی سیداں (بقیہ نمبر 45)

صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا شر پسند عناصر کو اب منہ توڑ جواب دیا جائیگا، راجہ یاسر اقبال

سیری (نیوز رپورٹر) تحصیل کھوئی رٹہ کی یونین کونسل ٹائیں سے نو منتخب ڈسٹرکٹ کونسلر راجہ یاسر کی رہائشگاہ پر ہنگامی اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں یونین کونسل ٹائیں کی تمام وارڈز (بقیہ نمبر 46)

لاہور: مریم نواز کی آمد پر ایک ہی استقبالیہ کیمپ لگانے کا فیصلہ، ن لیگی کارکن ابھی سے ایئرپورٹ پر جمع ہونا شروع

سابق آرمی چیف قمر جاوید باجوہ کی فیملی کی ڈیٹا لیک کیس میں نئی پیش رفت

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کی فیملی کی ڈیٹا لیک کیس میں نئی پیش رفت ہوئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق خصوصی عدالت نے تین ملزمان کی ضمانت بعد از گرفتاری منظور کرتے ہوئے ملزمان کو رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ اسپیشل جج سینٹرل اعظم خان نے ملزمان کی پچاس پچاس ہزار روپے کے مچلکوں کے عوض ضمانت منظور کی۔ ایف آئی اے اینٹی کرپشن نے شہزاد نیاز، ارشد علی اور عدیل اشرف کے خلاف (بقیہ نمبر 48)

ایس پی پوٹھوہار کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) ایس پی پوٹھوہار وقاص خان کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے اور مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم میں قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایات دیں، راولپنڈی پولیس شہریوں کے تحفظ، خدمات کی فراہمی اور بہترین سروس ڈیلیوری کو یقینی بنانے کے لیے تمام اقدامات اٹھا رہی ہے، ایس پی پوٹھوہار وقاص خان۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی پوٹھوہار وقاص خان نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس پی پوٹھوہار نے کھلی کچہری میں آنے والے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے اور مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم میں قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایات دیں، ایس پی پوٹھوہار وقاص خان کا کہنا تھا کہ تھانہ کی سطح پر سروس ڈیلیوری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب (بقیہ نمبر 49)

پاکستان پیپلز پارٹی
Pakistan People's Party
PTI
پاکستان تحریک انصاف
جماعت اسلامی

لاہور: بلدیاتی انتخابات کے بعد شہر قائد میں میئر کا انتخاب تاخیر کا شکار

دریائے راوی کی بحالی آنیوالے وقت میں ہماری نسلوں کی بقا کی بڑی ضمانت ہوگی، عمران امین

لاہور کو مستقبل میں پانی فراہمی اور ماحولیاتی وعدوں کو ایفا کرنے کیلئے ہمیں بہت کام کرنا ہوگا، سی ای او روڈا

آخر میں، سی ای او عمران امین نے یقین دلایا کہ اس منصوبے کو کامیاب بنانے کے لیے تمام تر اقدامات کیے جائیں گے

اسلام آباد (جی ایم جٹ سے) عمران امین سی ای او روڈا نے کہا ہے کہ دریائے راوی کی بحالی آنیوالے وقت میں ہماری نسلوں کی بقا کی بڑی ضمانت ہوگی لاہور کو مستقبل میں پانی فراہمی اور ماحولیاتی وعدوں کو ایفا کرنے کیلئے ہمیں بہت کام کرنا ہوگا۔ روڈا ہیڈ کوارٹر میں عالمی ماہر آب ڈاکٹر جیمز ایل ویسکوٹ سے وفد سمیت ملاقات میں ان کا کہنا تھا کہ روڈا منصوبہ میں ہائیڈرولوجی کے حوالے سے ہمیں بہت مشاورت کی ضرورت ہے، جس کے لئے ہم میساچوسٹس انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی اور لمز ماہرین کی معاونت ان کی پیشکش کو سراہتے ہیں تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز میساچوسٹس انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی (MIT) USA کے لینڈ سکیپ آرکیٹیکٹ ڈاکٹر جیمز ایل ویسکوٹ نے LUMS کے وفد کے ہمراہ جمعہ کو CEO RUDA عمران امین سے ملاقات کی۔ دوران سیشن روڈا ڈائریکٹر ہائیڈرولوجی محسن خلیق نے ایک جامع پریزنٹیشن دی جس میں دریا کے کنارے آنے والے نئے شہر کے مجموعی تصور کے ہائیڈرولوجیکل، ماحولیاتی اور ماحولیاتی پہلوؤں کے مکمل دائرہ کار کا احاطہ کیا گیا۔ دریائے راوی اب لاہور کی سوشیالوجی کا حصہ نہیں ہے، اس پر مزید وضاحت میں انہوں نے کہا کہ RUDA کا مقصد دریائے راوی کو اس کی تمام کھوئی ہوئی حیاتیاتی تنوع اور لوگوں سے تعلق کے ساتھ اس (بقیہ نمبر 50)

عمران خان کو عوام سے خطرات نہیں سب کو پتہ ہے خطرہ کہاں سے ہے، شبلی فراز

چیئرمین تحریک انصاف کو نقصان پہنچا تو ذمہ دار رانا ثناء اللہ ہوں گے، سینیٹر تحریک انصاف

ایجنسیوں نے کہا کئی بار کہا کہ عمران خان کو خطرات لاحق ہیں، سابق وزیر اعظم کی سکیورٹی موجودہ حکومت کی ذمہ داری ہے

لاہور (خصوصی نامہ نگار) تحریک انصاف کے سینیٹر شبلی فراز کا کہنا ہے کہ عمران خان کو عوام سے خطرات نہیں، سب کو پتہ ہے عمران خان کو خطرہ کہاں سے ہے، خدانخواستہ کچھ ہوا تو تمام ذمہ داری رانا ثناء اللہ پر ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق شبلی فراز نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان کی سکیورٹی کو واپس لے لیا گیا ہے، سابق وزیر اعظم کو قانون کے مطابق سکیورٹی میسر ہوتی ہے، ایجنسیوں نے کہا کئی بار کہا کہ عمران خان کو خطرات لاحق ہیں۔ سابق وزیر اعظم کی سکیورٹی موجودہ حکومت کی ذمہ داری ہے، گزشتہ ماہ ایک ناکام قاتلانہ حملہ ہوا تھا، عمران خان کو نقصان پہنچا تو ذمہ دار رانا ثنا اللہ اور اسکی کٹھ پتلیاں ہوں گے۔ انکا کہنا تھا کہ عمران خان نے اپنے کسی بھی کارکن کو قانون توڑنے کے لیے کبھی نہیں اکسایا، نگران حکومت کا مقصد الیکشن کرانا ہوتا ہے، انتقامی سیاست کرنا نہیں، نگران وزیر اعلیٰ سے لے کر اسکی کابینہ تک سب کا مقصد الیکشن کروانا نہیں۔ آئین شکن پر آرٹیکل چھ لگتا ہے، یہ لوگ آئین شکنی کر رہے ہیں۔ شبلی فراز نے (بقیہ نمبر 52)

وارث خان پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف اہم کاروائی

اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کرنے والے 08 ملزمان گرفتار، اسلحہ برآمد

جرائم پیشہ عناصر اسلحہ کی نمائش کر کے علاقہ میں خوف وہراس پھیلا رہے ہیں

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) وارث خان پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف اہم کاروائی، اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کرنے والے 08 ملزمان گرفتار، اسلحہ برآمد، ملزمان سابقہ ریکارڈ یافتہ ہیں جنکے خلاف چندروز قبل ایک گھر پر فائرنگ کا مقدمہ بھی درج ہے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس کو اطلاع ملی کہ جرائم پیشہ عناصر اسلحہ کی نمائش کر کے علاقہ میں خوف وہراس پھیلا رہے ہیں، وارث خان پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کرنے والے 08 ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں قاسم، محمد شہزاد، محمد ادریس، انجم، آکاش، محمد علی، محمد تحسین اور نعمان شامل ہیں، ملزمان سے 01 کلاشنکوف، 01 رائفل 12 بور، 06 پسٹل اور گولیاں وکارتوس برآمد ہوئے، ملزمان سابقہ ریکارڈ یافتہ ہیں جنکے خلاف چندروز قبل ایک گھر پر فائرنگ کا مقدمہ بھی درج ہے، ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے ریڈز کیے جا رہے ہیں، سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کا کہنا تھا کہ منشیات فروشی، جرائم پیشہ عناصر اور اسلحہ کی نمائش جیسے جرائم پر زیرو ٹالرنس پالیسی ہے، شہریوں میں خوف وہراس پھیلانے والے عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس (بقیہ نمبر 51)

مزید 27 بھکاری پناہ گاہ جنرل بس سٹینڈ منتقل

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام انسداد گداگری مہم پر روزانہ کی بنیاد پر عملدرآمد جاری ہے اس ضمن میں شہریوں کے لئے پریشانی واذیت کا باعث بننے والے مزید 27 بھکاریوں کو تحویل میں لے کر پناہ گاہ جنرل (بقیہ نمبر 53)

لاہور: بات سیاستدانوں سے ہوتی چوروں سے نہیں، مریم وزیر اعظم بننے کا خواب دیکھ رہیں، فرخ

ڈپٹی کمشنر عمران حامد شیخ کا تحصیل سمندری کا تفصیلی دورہ

کسانوں کے حقوق کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، ڈپٹی کمشنر عمران حامد شیخ

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ڈپٹی کمشنر عمران حامد شیخ نے تحصیل سمندری کا تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے شوگر ملز کا دورہ کر کے کرشنگ سیزن پر عملدرآمد کا جائزہ لیا اور کہا کہ کسانوں کے حقوق کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کاشتکاروں سے سی پی آرز کی ادائیگیوں بارے دریافت کیا جبکہ گنا لے کر آنے والی ٹرالیوں پر ریفلیکٹرز کی تنصیب بھی چیک کی۔ انہوں نے کہا کہ کرشنگ سیزن کے اختتام تک مانیٹرنگ کا عمل جاری رہے گا۔ ڈپٹی کمشنر عمران حامد شیخ دورہ سمندری کے دوران اچانک پٹرول پمپس پر پہنچ گئے اور وزن کے پیمانے چیک کئے۔ انہوں نے صارفین کو پورا فیول ملنے کے عمل کو چیک کیا اور کہا کہ پیمانوں میں ہیرا پھیری یا گڑبڑ کرنے والے جیل جائیں گے۔ انہوں نے پٹرول پمپ پر نامکمل فائر سیفٹی انتظامات پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے واش رومز میں صفائی کی ابتر صورتحال پر پمپ مالک کی سرزنش اور صفائی کا اعلی معیار، حفاظتی انتظامات کو مکمل کرنے کی تاکید کی۔ ڈپٹی کمشنر عمران حامد (بقیہ نمبر 54)

ڈویژنل کمشنر محمد شاہد نیاز کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال میں قائم کارڈیک کیئر یونٹ کا دورہ

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) ڈویژنل کمشنر محمد شاہد نیاز نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال میں قائم کارڈیک کیئر یونٹ کا دورہ کیا اور دل کے عارضہ میں مبتلا مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ ماہر امراض قلب ڈاکٹر جاوید اقبال، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر کاشف محمود کمبوہ اور دیگر ڈاکٹرز بھی موجود تھے۔ ڈویژنل کمشنر نے سی سی یو (ا) (بقیہ نمبر 55)

نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائی

آٹے سے لدی گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 1180 تھیلے آٹا برآمد

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائی، آٹے سے لدی گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 1180 تھیلے آٹا برآمد۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کاروائی کرتے ہوئے آٹے سے لدی گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی، ڈرائیور گل زیب کو گرفتار کر کے 1180 تھیلے آٹا برآمد کیا، ایس پی پوٹھوہار کا کہنا تھا کہ غیر قانونی گندم اور آٹے کی ترسیل کرنے والوں کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔ نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ (بقیہ نمبر 56)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں جذام کا عالمی دن 31 جنوری کو منایا جائیگا

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان سمیت دنیا بھر میں جذام کا عالمی دن 31 جنوری کو منایا جائیگا اس دن کی مناسبت سے عارفوالا سمیت ملک بھر میں آگاہی واکس اور سیمینارز انعقاد پذیر ہونگے جس میں مقررین جذام مرض سے بچاؤ کے متعلق احتیاطی تدابیر بتائیں گے الیکٹرانک میڈیا پروگرامز نشر (بقیہ نمبر 57)

لفظ پاکستان کے تجویز کنندہ چوہدری رحمت علی کی 72 ویں برسی 3 فروری کو منائی جائے گی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) تحریک پاکستان کے عظیم رہنماء اور لفظ پاکستان کے تجویز کنندہ چوہدری رحمت علی کی 72 ویں برسی 3 فروری کو منائی جائے گی اس سلسلہ میں مختلف تنظیموں کے زیر اہتمام اسلام آباد سمیت ملک بھر میں مختلف تقریبات کا اہتمام (بقیہ نمبر 60)

راولپنڈی پولیس کی پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کے خلاف کاروائیاں

04 ملزمان گرفتار، پتنگیں اور ڈوریں برآمد، مقدمات درج، راولپنڈی پولیس

شہریوں کی جان ومال کی حفاظت اولین ذمہ داری ہے، ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کے خلاف کاروائیاں، 04 ملزمان گرفتار، پتنگیں اور ڈوریں برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس نے ملزم عدنان سے 10 پتنگیں اور ڈور، صادق آباد پولیس نے ملزم علی رضا سے 15 پتنگیں، ملزم عامر سے 15 پتنگیں، آرائے بازار پولیس نے ملزم شرجیل سے 100 پتنگیں اور 02 ڈوریں برآمد کر کے ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان ومال کی حفاظت اولین ذمہ داری ہے، پتنگ بازی اور پتنگ فروشی جیسے خونی کھیل میں ملوث ملزمان کے (بقیہ نمبر 58)

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں

ٹیکسلا پولیس نے ملزم عدنان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر لی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں، 04 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن اور خنجر برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق نیوٹاؤن پولیس نے ملزم رحمان رضا سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صادق آباد پولیس نے ملزم وقاص سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، سول لائنز پولیس نے ملزم محسن رضا سے خنجر، ٹیکسلا (بقیہ نمبر 59)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی
سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ
روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

ضرورت
نمائندگان

دُنیا بھر سے میل/فی میل
نمائندگان کی فوری ضرورت ہے

آپ صحافی بننا چاہتے ہیں
آپ کو لکھنے کا شوق ہے
آپ کو تلاش ہے ایک اچھے پلیٹ فارم کی
تو پھر آئیں ہماری ٹیم میں شامل ہوجائیں۔

بیورو چیف
ڈپٹی بیورو چیف
ڈسٹرکٹ رپورٹر
پولیٹیکل رپورٹر
لیڈی رپورٹر
سٹی رپورٹر
نمائندہ خصوصی
کرائم رپورٹر
نامہ نگار
سٹاف رپورٹر
مارکیٹنگ بزنس رپورٹر
جنرل رپورٹر

نیوز ایجنٹس کی ضرورت ہے

0312-7786354